فارسی ادب کی شہرہ آفاق کتاب

گلستان

شیخ شرف الدین سعدی ابن عبداللہ شیرازی رحمۃ اللہ علیہ

ولادت تقریباً ۵۸۹ھ/۱۱۸۴ء — وفات ۶۹۱ھ/۱۲۹۲ء

مع حاشیہ

بہارِ جاوداں

مولانا نصراللہ رضوی مصباحی

شبیر برادرز
اردو بازار ○ لاہور

فارسی ادب کی شہرہ آفاق کتاب

گُلستان

شیخ شرف الدین سعدی ابنِ عبداللہ شیرازی رحمۃ اللہ علیہ

ولادت تقریباً ۵۸۹ھ/۱۱۸۴ء وفات ۶۹۱ھ/۱۲۹۲ء

مع حاشیہ

بہارِ جاوداں

مولانا نصر اللہ رضوی مصباحی

شبیر برادرز®
۴۰۔ اردو بازار لاہور
فون: 042-37246006
shabbirbrother786@gmail.com

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

نام کتاب	ــــــــــ	**گلستان**
تصنیف	ــــــــــ	شیخ شرف الدین سعدی ابن عبداللہ شیرازی رحمۃ اللہ علیہ
مترجم	ــــــــــ	مولانا نصر اللہ رضوی مصباحی
باہتمام	ــــــــــ	ملک شبیر حسین
سن اشاعت	ــــــــــ	مارچ 2017ء
سرورق	ــــــــــ	اے ایف ایس ایڈورٹائزرز 0322-7202212
طباعت	ــــــــــ	اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور
ہدیہ	ــــــــــ	روپے

شبیر برادرز ®
بی، اردو بازار لاہور
فون: 042-37246006

ضروری التماس

قارئین کرام! ہم نے اپنی بساط کے مطابق اس کتاب کے متن کی تصحیح میں پوری کوشش کی ہے، تاہم پھر بھی آپ اس میں کوئی غلطی پائیں تو ادارہ کو آگاہ ضرور کریں تاکہ وہ درست کر دی جائے۔ ادارہ آپ کا بے حد شکر گزار ہوگا۔

شبیر برادرز
اردو بازار لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم ...... اما بعد

سخن ہائے گفتنی

انسان اپنے مافی الضمیر کے اظہار کے لیے الفاظ کا سہارا لیتا ہے لیکن ابلاغ و ترسیل کا عمل کبھی صد فیصد کامیاب نہیں ہوتا اس کی وجہ یہ ہے کہ زبان کی دلالتیں کبھی مکمل نہیں ہوتیں۔ زبان میں حقیقت کے ساتھ مجاز، صراحت کے ساتھ کنایہ، تفصیل کے ساتھ اجمال اور وضاحت کے ساتھ ابہام کا بھی عمل دخل ہوتا ہے۔ اس لیے متن خواہ کتابی ہو یا زبانی ضروری ہوتا ہے کہ اس کے ابہام کو دور کیا جائے۔ اس کے مجازات کو حقیقت سے ممیز کیا جائے۔ اس کے معنوی امکانات کا جائزہ لیا جائے اور جہاں تک ممکن ہو اس کی دلالتوں کو متعین کیا جائے۔ تفسیر، شروح اور حواشی انھیں مقاصد کے حصول کا ذریعہ ہیں۔

اسلامی علوم کا سرچشمہ قرآن عظیم اور احادیث نبویہ (علی صاحبہا الف الف تحیۃ وسلام) ہیں۔ اسلام کی ابتدائی صدیوں میں مسلمانوں کی توجہ علوم وفنون کی تدوین وتشکیل کی جانب مبذول رہی مثلاً تفسیر اور اس کے متعلقات، حدیث اور اس کے متعلقات فقہ اور اس کے متعلقات وغیرہ۔ اس سلسلے میں خلفائے بنوعباس کا عہد خصوصیت کے ساتھ ممتاز ہے۔ چنانچہ اسے اسلامی علوم وفنون کی تدوین کا سنہری دور کہا جاتا ہے۔ منقولات کے علاوہ معقولات یعنی منطق وفلسفہ وغیرہ کا رواج بھی اسی دور میں ہوا۔ یونانی علوم وفنون کی بیشتر کتابیں اسی عہد میں عربی میں منتقل ہوئیں۔

علوم شرعیہ، علوم ادبیہ، علوم حکمیہ اور سماجی علوم کی تدوین وتشکیل کے بعد مسلمانوں نے مذکورہ تمام علوم کی اساسی اور بنیادی کتابوں کی شروح وحواشی کا سلسلہ شروع کیا۔ طاش کبری زادہ کی ''مفتاح السعادۃ'' اور شیخ محمد اعلیٰ کی ''کشاف اصطلاحات الفنون'' میں اس سلسلے کی تفصیلات محفوظ ہیں۔

اسلامی دنیا کے دوسرے ممالک کی طرح ہندوستانی علمانے بھی ہر دور میں اسلامی علوم وفنون کی ترویج واشاعت نیز تصنیف وتالیف میں قابل ذکر نمایاں خدمات انجام دی ہیں۔ منقولات ومعقولات کے ہر شعبے میں مستقل تصانیف کے علاوہ صدہا شروح وحواشی بھی ان فضلائے عظام سے یادگار ہیں۔

یہاں اس حقیقت کی طرف توجہ دلانا مناسب معلوم ہوتا ہے کہ شرح کا تعلق پورے متن سے ہوتا ہے یعنی شرح نویس کے لیے ضروری ہوتا ہے کہ وہ پورے متن کو سامنے رکھ کر تشریحی عبارتیں تحریر کرے۔ اس کے برخلاف حاشیے کا تعلق متن کے کسی خاص جز یا حصے سے ہوتا ہے یعنی محشی متن کے جستہ جستہ مقامات پر اظہار خیال کرتا ہے مثلاً کہیں کسی خاص نکتے کی طرف توجہ دلا دی، کہیں کسی نامانوس اور غریب لفظ کی وضاحت کر دی اور کہیں کسی اشکال کا جواب تحریر کر دیا وغیرہ وغیرہ۔ یہیں سے یہ بات بھی ظاہر ہو جاتی ہے کہ شرح نویس کسی کتاب کی شرح کے لیے باقاعدہ اہتمام کرتا ہے یعنی ایک منصوبے کے تحت کسی متن کا انتخاب

کرتا ہے اور پھر پوری کتاب یا اس کے کسی خاص حصے کی اپنے ذوق ومزاج کے مطابق شرح کرتا ہے اس کے برخلاف حواشی کے لیے ایسا اہتمام اور منصوبہ بندی ہر حال میں لازم نہیں۔ یہاں دونوں صورتیں معرض ظہور میں آتی رہتی ہیں یعنی کبھی تو حاشیہ نگار فکر واہتمام کے ساتھ از اول تا آخر پوری کتاب پر حواشی قلم بند کرتا چلا جاتا ہے اور کبھی ایسا ہوتا ہے کہ کسی کتاب کے مطالعے کے دوران کتابت وطباعت یا خود مصنف کی کسی غلطی کی تصحیح حاشیے پر کر دیتا ہے یا کسی عبارت کی توضیح یا کسی نکتے کے بیان کے لیے حاشیۂ کتاب پر کچھ لکھ دیتا ہے۔ یہ دوسری صورت حال راسخ العلم علما کے ساتھ بالعموم پیش آتی ہے۔ چونکہ وہ مختلف علوم وفنون کے جامع ہوتے ہیں اس لیے جس فن کی جس کتاب کا بھی مطالعہ کرتے ہیں اس پر اپنے رشحات قلم ثبت کرتے چلے جاتے ہیں۔ اس طرح نوع بہ نوع علوم وفنون کی نوع بہ نوع کتابوں پر ان کے گراں قدر حواشی وجود میں آجاتے ہیں۔

عالم اسلام کی طرح ہندوستان میں بھی ایسے متعدد عظیم المرتبت اور باکمال علما گزرے ہیں جن کے حواشی ہماری علمی تاریخ کا سرمایہ ہیں۔

اب یہاں درسی کتابوں کے حواشی سے متعلق تھوڑی گفتگو مقصود ہے۔

اہل سنت کے دینی مدارس میں رائج درسی کتب پر حواشی بالعموم اہل سنت ہی کے تھے جن کی طباعت واشاعت کا اہتمام بھی اہل سنت ہی کرتے، انیسویں صدی کے نصف اخیر میں بعض غیر مسلموں نے بھی یہ کام شروع کیا جن میں منشی نولکشور کا نام سرفہرست ہے، ظاہر ہے کہ ان کا مقصد تجارتی نفع تھا نہ کہ دینی خدمت، پھر جب کچھ نئے فرقے اور مدرسے وجود میں آئے۔ تو انھوں نے بھی یہ کام شروع کیا، بعد میں انھوں نے یہ ستم ڈھایا کہ بہت سی کتابوں سے سنی مصنفین ومحشین کے نام اڑا کر چھاپنا شروع کر دیا تا کہ ناظرین کو یہ گمان ہو کہ مصنفین ومحشین بھی ناشر ہی کی جماعت کے ہوں گے۔ کچھ نئے حواشی بھی لکھے گئے جن میں اہل سنت کے سابقہ حواشی وشروح کی عبارتیں بعینہ نقل کی گئیں مگر ان کا حوالہ بھی نہ دیا گیا، یہ سارا کام تجارتی منفعت اور دنیوی نام آوری کی غرض سے کیا گیا۔ لیکن بعد میں بدمذہب ناشرین نے اس تجارتی نفع اندوزی اور سرقہ ونام آوری کے عمل کو اپنے طبقہ کی ایک علمی ودینی خدمت کے روپ میں شہرت دینا اور یہ پروپیگنڈا کرنا شروع کیا کہ درسیات کی تحریر واشاعت کا سہرا صرف ہمارے سر ہے، اہل سنت کا اس میدان میں کوئی حصہ نہیں۔

اس مسلسل پروپیگنڈے کے باعث نئے سنی طلبہ اور عام قارئین غلط فہمی کا شکار ہونے لگے، اب ضرورت تھی کہ ان ناشرین کے چہرے سے تلبیس کی چادر ہٹادی جائے، اور یہ عیاں کر دیا جائے کہ انھوں نے کس چابک دستی سے اہل سنت کی خدمات کو اپنے خانے میں ڈال لیا، اسی احساس کے تحت خانقاہ برکاتیہ مارہرہ مطہرہ اور اس کے متوسلین نے اہل سنت وجماعت کے ممتاز ترین مرکزی ادارے الجامعۃ الاشرفیہ مبارک پور کو اس طرف متوجہ کیا۔

مقام مسرت ہے کہ اس تحریک کے جواب میں اشرفیہ کی طرف سے لبیک کا آوازہ بلند ہوا، شارح بخاری حضرت مفتی شریف الحق صاحب امجدی برکاتی علیہ الرحمہ، محدث کبیر علامہ ضیاء المصطفیٰ مدظلہ، عزیز ملت مولانا عبدالحفیظ صاحب مدظلہ اور دیگر

علمائے کرام نے اس تجویز کی بھرپور حمایت کی۔ محدث کبیر کی نگرانی میں اشرفیہ کے اکابر علمائے کرام نے "مجلس برکات" کی بنیاد ڈالی اور اس برکاتی مجلس کے زیر اہتمام حاشیہ نگاری کے سلسلے میں کئی نشستیں ہوئیں اور طے ہوا کہ:

(۱) جن کتب وحواشی سے اہل سنت کا نام اڑا کر شائع کیا جا رہا ہے انھیں اصلی شکل میں لایا جائے۔

(۲) اہل سنت کے جن حواشی کی اشاعت موقوف ہے انھیں پھر شائع کیا جائے۔

(۳) جن کتابوں پر حواشی کی ضرورت ہے ان پر نئے حواشی لکھے جائیں۔

محدث کبیر کی مصروفیات اور اسفار کی بنا پر ان ہی کے ایما پر حاشیہ نگاری کا یہ اہم کام حضرت علامہ محمد احمد مصباحی صاحب مدظلہ العالی پرنسپل الجامعۃ الاشرفیہ کی نگرانی میں کر دیا گیا۔ خوشی کی بات یہ ہے کہ یہ کام دیر سے سہی، بہر حال شروع ہوا اور اب اشرفیہ میں بڑے ذوق وشوق کے ساتھ یہ کام اپنی منزل کی طرف رواں دواں ہے۔ یہ امر باعث طمانیت ہے کیوں کہ اشرفیہ سواد اعظم اہل سنت کا وہ معتبر ادارہ ہے جہاں حافظ ملت علیہ الرحمۃ والرضوان کے خلوص، محنت اور ایثار کے گھنے سائے بھی ہیں اور برکاتی مرشدوں کی روحانیت کی ٹھنڈی ہوائیں بھی ہیں، ساتھ ہی ساتھ وہاں کا صیغۂ مدرسین ایسے علما پر مشتمل ہے جن کے علمی تبحر کا ایک زمانہ قائل ہے۔ ان نعمتوں کے ہوتے ہوئے اس بات کا یقین ہے کہ حاشیہ نگاری کا یہ کام مکمل علمی دیانت، تحقیقی محنت اور خلوص ومحبت کے ساتھ انجام پائے گا۔ انشاء اللہ المولیٰ تعالیٰ۔

فقیر برکاتی الجامعۃ الاشرفیہ کے ارباب، مدرسین اور "مجلس برکات" کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہے کہ انھوں نے اس کار عظیم کی تکمیل کا بیڑہ اٹھایا۔

میں ان علمائے کرام اور اساتذہ کا ممنون ہوں جنھوں نے اپنے علم سے اس علمی جہاد میں حصہ لیا۔ ساتھ ہی ساتھ مذہب اہل سنت کا درد رکھنے والے رفیق اور ہمنواؤں کے لیے جنھوں نے دامے، درمے، قلمے، قدمے، سخنے اس اہم اور بنیادی کام میں تعاون دیا، دعا کرتا ہوں کہ مولا تعالیٰ اپنے محبوب اعظم صلی اللہ علیہ وسلم اور مشائخ کرام سلسلۂ قادریہ برکاتیہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے صدقے میں ان سب کو تمام جائز دینی ودنیاوی مقاصد میں کامیابی عطا فرمائے، ہم سب کو صراط مستقیم پر گامزن رہنے کا حوصلہ عطا فرمائے۔ میدان محشر میں اس حاشیے کے صدقے میں اپنی رحمتوں کے گھنے سائے میں رکھے۔ آمین۔

بجاہ الحبیب الامین وعلی آلہ وصحبہ اجمعین آمین.

ڈاکٹر سید شاہ محمد امین قادری برکاتی

خادم سجادہ، خانقاہ عالیہ برکاتیہ مارہرہ مطہرہ (ایٹہ)

۲۸ محرم الحرام ۱۴۲۲ھ مطابق ۲۳ اپریل ۲۰۰۱ء نزیل ممبئی

شیخ سعدی

۵۸۹ھ ــــــ ۶۹۱ھ

حیات ــــــ اور ــــــ کارنامے

نام ووطن: شیخ کا اصل نام "شرف الدین" اور لقب "مصلح الدین" والد کا نام عبداللہ تھا۔ ان کے والد عبداللہ "اتابک سعد بن زنگی" والیٔ شیراز کے ملازم تھے۔ جو شیخ کا ممدوح بھی ہے۔ اسی کی مناسبت سے سعدی تخلص اختیار کیا۔

ایران کے مردم خیز شہر شیراز کو آپ کی جائے پیدائش ہونے کا شرف حاصل ہے۔ وہی شیراز جو صدیوں ایران کا پایۂ تخت اور علوم وفنون کا مرکز رہ چکا ہے۔

پیدائش غالباً ۵۸۹ھ مطابق ۱۱۸۴ء میں اور وفات ۶۹۱ھ مطابق ۱۲۹۲ء میں ہوئی۔ ایک مقام جس کا نام "دلکشا" تھا وہاں مزار بنا جو سعدیہ کہلاتا ہے اور زیارت گاہ عجم ہے۔[1]

بچپن: شیخ بچپن ہی سے علم کے شوقین تھے۔ چونکہ باپ عبداللہ باخدا آدمی تھے، گھر میں دینداری کا چرچا تھا آباء واجداد اہل علم و دانش تھے، دینی علوم میں شہرت رکھتے تھے، خود فرماتے ہیں

همه قبیلهٔ من عالمانِ دیں بودند   مرا معلّمِ عشق تو شاعری آموخت

پورا ماحول دینداری کا تھا، ان کی نشوونما دینی ماحول میں ہوئی، اسی لئے چھوٹی سی عمر میں روزمرہ کے دینی مسائل سے واقفیت ہو چکی تھی، اور والدین کی تربیت نے دینی مزاج کوٹ کوٹ کر بھر دیا تھا۔ شب بیداری، تلاوت کلام اللہ اور ذکر وفکر کا کامل شوق بیدار ہو چکا تھا۔

شیخ کے والد ان کی تربیت میں بڑے چست تھے، کڑی نگرانی رکھتے، بے موقع زبان کھولنے پر زجر ومنع کرتے، وہ اپنے بیٹے کی اس طرح تربیت کرتے جیسے کوئی عارف اپنے مرید کو تزکیۂ نفس کی منزلیں طے کراتا ہے، یہی وجہ ہے کہ شیخ نے انکو اپنی تادیب کا بڑا سبب قرار دیا ہے۔

ایک مرتبہ رات کے وقت والد کے ہمراہ تلاوت قرآن مجید کر رہے تھے، وہاں باقی سب لوگ سو رہے تھے۔ آپ نے والد سے کہا، دیکھئے! یہ لوگ کیسے بے خبر سو رہے ہیں! کسی کو اتنی توفیق نہیں ہوتی کہ اٹھ کر دو رکعت تہجد پڑھ لیتا۔ باپ نے کہا۔ جان پدر! اس عیب جوئی سے بہتر یہ تھا کہ تم بھی سو رہتے! مگر ایسی زبان نہ کھولتے۔ (گلستاں باب دوم)

شیخ کے تفصیلی حالات کسی تاریخ میں درج نہیں البتہ خود ان کی تصانیف میں جابجا حالات آ گئے ہیں جن سے اچھا خاصا مواد جمع ہو سکتا ہے، چنانچہ ان کے اشعار ہی سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ خوردسالی ہی میں یتیم اور جوان ہونے سے پہلے ہی باپ کے سایۂ عاطفت سے محروم ہو گئے، خود کہتے ہیں۔

مرا باشد از حال طفلاں خبر   کہ در طفلی از سر بر فتم پدر
من آنگہ سر تاجور داشتم   کہ سر در کنار پدر داشتم

مگر والدہ شیخ کے عہد شباب تک زندہ رہیں، اور ان کی صالح تربیت میں نیک کوششیں کرتی رہیں۔

شوق تعلیم: شیخ نے ابتدائی تعلیم شیراز ہی میں حاصل کی، شعور وآگہی کی منزل میں قدم رکھا تو شیراز میں علما وفضلا اور مشائخ کا ہجوم تھا۔ علم وفضل کے اس ماحول میں ولولۂ شوق بڑھا۔ مگر اس وقت ملک ابتری اور طوائف الملوکی کا شکار تھا، چنانچہ شیخ نے ترک وطن کی ٹھان لی اور بغداد پہنچ گئے، بیس یا بائیس سال کی عمر رہی ہوگی جب یہ بغداد پہونچے، اور بغداد اس وقت تک ہلاکو خاں کے

---

[1] قطعۂ تاریخ وصال ہے "زخاصاں بود تا تاریخ شد" "خاص" سنہ ۱۹۵۱ء میں سعدی کے مقبرہ کی ازسرنو تعمیر کی گئی۔

ہاتھوں برباد نہیں ہوا تھا، بدستور دارالخلافہ اور علم و علما کا مرکز تھا، اس وقت دنیائے اسلام کی سب سے بڑی دینی درسگاہ دارالعلوم نظامیہ تھا جسے ملک شاہ سلجوقی الپ ارسلاں کے وزیر اعظم نظام الملک طوسی م ۴۸۵ھ نے سال ۴۵۹ھ میں قائم کیا تھا، اس کی شہرت پوری اسلامی دنیا میں گونج رہی تھی۔ اس دارالعلوم کی شہرت ہی شیخ کو شیراز سے بغداد کھینچ لائی، ورنہ شیراز میں مظفرالدین تکلہ بن زنگی م ۵۹۱ھ کا مدرسہ خود مجمع علما و فضلا تھا۔

بہر کیف شیخ نے نظامیہ بغداد میں داخل ہو کر تحصیل علم شروع کر دیا، اور ابو اسحٰق شیرازی نے (جو مدرسہ نظامیہ کے متولی تھے) شیخ کا وظیفہ مقرر کر دیا جس کی وجہ سے شیخ کو دل جمعی بھی حاصل ہو گئی، کہتے ہیں کہ بغداد میں جن علما و فضلا سے اکتساب علم کیا ان میں امام جلیل القدر علامہ یوسف بن ابوالفرج عبدالرحمٰن بن جوزی (۵۸۰۔۶۵۶ھ) ہیں جن کی کفش برداری ہر صاحب علم کے لئے باعث افتخار ہے، اور ان سے شرف تلمذ شیخ کی عظمت و برتری کے لئے کافی ہے۔

حسب تصریح دولت شاہ لگ بھگ تیس سال آپ نے طالب علمی میں گزارے۔

طالب علمی کا ایک وقعہ: وہ بچپن ہی سے خوش بیانی اور حسن گفتار کے خوگر تھے، مدرسہ نظامیہ کے بعض طالب علم حسد سے جلے جاتے تھے، ایک دن شیخ نے اپنے استاذ ابن جوزی سے حاسدوں کی شکایت کی تو استاذ نے فرمایا! وہ بھی اپنی عاقبت خراب کر رہے ہیں اور تم بھی، وہ حسد سے جلے جاتے ہیں، اور تم بدگوئی میں مرے جاتے ہو۔

قوالی سے اجتناب: شیخ کی طبیعت ابتدا ہی سے تصوف اور درویشی کی طرف مائل تھی، وجد و سماع کی محفلوں میں شریک ہوا کرتے شیخ کے استاذ ابن جوزی اس کو پسند نہ کرتے اور شیخ کو بھی سختی سے منع کرتے مگر وہ باز نہ آتے، آخر ایک بد آواز قوال سے پالا پڑ گیا، اور ساری رات اسی مکروہ صحبت میں بسر ہوئی، جب مجلس ختم ہوئی، شیخ نے سر سے عمامہ اتارا، جیب سے ایک دینار نکالا اور قوال کو نذر کیا، ساتھیوں نے تعجب کیا تو شیخ نے کہا، قوال صاحب کرامت بزرگ ہے، استاذ کی نصیحت نے وہ اثر نہیں کیا جو اس کے "لحن داؤدی" نے کیا ہے، اور اب میں سماع سے توبہ کرتا ہوں۔

زمانہ سیاحت: تحصیل علم سے فارغ ہو کر سیر و سیاحت شروع کی، بعض تذکروں میں بیس برس اور بعض میں تیس برس بیان کیا گیا ہے، جیسا کہ زمانہ طالب علمی کو بھی بعض نے تیس برس بتایا ہے۔ بہر حال سیاحت کی جو بھی مدت ہو مگر یہ واقعہ ہے کہ شیخ بہت بڑے سیاح تھے۔

سیر و سیاحت کی غرض مختلف ہوتی ہے، اور جو غرض پیش نظر ہوتی ہے سیاح اسی نظر سے چیزوں کو دیکھتا ہے۔ شیخ، شاعر تھے، فقیہ تھے، صوفی مشرب تھے، واعظ تھے، رند تھے، اور شوخ طبع تھے۔ غرض کہ مختلف حیثیتیں ان کے اندر جمع تھیں۔ اس لیے انھوں نے دنیا کے ہر رنگ کو ہر زاویہ سے خوب دیکھا بھالا، جانچا، پرکھا۔

شام یا عراق کے ایک شہر میں ایک دلچسپ واقعہ پیش آیا۔ قاضی شہر کی مجلس جمی ہوئی تھی شیخ بھی پہونچ گئے۔ لباس نہایت بوسیدہ اور کثیف تھا۔ آگے کسی نمایاں جگہ پر بیٹھ گئے، خدام نے اٹھا دیا، بڑی مشکل سے کسی گوشے میں جا بیٹھے۔ مجلس میں کسی فقہی مسئلے پر گرما گرم بحث ہو رہی تھی۔ ہر طرف سے شور و غل کی آوازیں بلند تھیں۔ مگر عقدہ نہ کھلتا۔ شیخ سے نہ رہا گیا۔ اسی گوشے سے للکار کر کہا۔

که برهان قوی باید ومعنوی   نه رگهائے گردن به حجت قوی

شاندار لباسوں میں ملبوس علما اور دیگر حاضرین خرقہ پوش شیخ کی طرف متوجہ ہو گئے۔ شیخ نے مسئلے کو نہایت خوبی و فصاحت کے ساتھ اس طرح واضح کر دیا کہ لوگ عش عش کرنے لگے۔ قاضی نے اپنی مسند چھوڑ دی اور اپنا عمامہ اتار کر شیخ کے سامنے پیش کر دیا۔ شیخ نے کہا! یہ غرور کا سامان ہے۔ مجھے نہیں چاہیے۔ (باب چہارم بوستاں)

انھوں نے شوق جہاں گردی میں لگ بھگ تیس سال مسافرت میں گزارے۔ بغداد، شام، حجاز سے لے کر شمالی افریقہ تک گھومتے

رہے۔ مختلف شہروں اور گوناگوں لوگوں کو دیکھا مختلف مذاہب اور فرقوں سے واقف ہوئے۔ اور مختلف طبقاتِ انسانی سے اختلاط پیدا کیا۔ شاید اس شعر میں۔

ندانی کہ من دراقانیم غربت — چرا روزگاری بکردم درنگی

اسی کی طرف اشارہ ہو۔

شیخ دورانِ سیاحت ہندوستان بھی آئے۔ انھوں نے سومنات کا مندر بھی دیکھا۔ اس کا ذکر انھوں نے بوستاں میں کیا ہے کہ مندر کا بڑا بت ہر روز صبح دعا کے لیے ہاتھ اٹھاتا۔ مجھے بڑا تعجب ہوا۔ میں نے دکھاوے کے طور پر بت کے ہاتھ چومے۔ اور بت خانہ میں پجاریوں کے مانند رہنے لگا۔ ایک دن مجھے موقع مل گیا۔ بت خانہ کا دروازہ بند کر دیا۔ اور غور سے دیکھنا شروع کیا۔ بت کی پشت پر ایک قیمتی پردہ تھا۔ پردے کی آڑ میں ایک شخص بیٹھا ہوا تھا۔ اس کے ہاتھ میں رسی تھی۔ جو بت کے ہاتھوں میں بندھی تھی۔ جب یہ رسی کھینچتا تو بت کے ہاتھ اٹھ جاتے۔ مجھے دیکھ کر وہ شخص بھاگا۔ میں نے اس کا پیچھا کر کے کنویں میں ڈھکیل دیا۔ اور اسے مار کر خود بھاگ نکلا۔ اور وہاں سے براہ یمن حجاز آیا۔

کئی مرتبہ (غالباً پانچ بار) حج بیت اللہ شریف کیا۔ پیغمبروں اور اولیاء اللہ کے مزارات پر حاضری دی۔ انھیں سیاحتوں کے دوران شیخ شہاب الدین سہروردی (ابوحفص عمر بن محمد صاحب عوارف المعارف متوفی ۶۳۲ھ) کے مرید ہوئے۔ تصوف کی تعلیم حاصل کی، اور ان کے فیض سے تزکیۂ نفس کے مراتب طے کیے۔ خود فرماتے ہیں:

مرا پیر دانائے فرخ شہاب — دو اندرز فرمود بر روئے آب
یکے آن کہ برخویش خودبیں مباش — دگر آں کہ برغیر بدبیں مباش

وہ ہندوستان و شام و بلقان ہوتے ہوئے بلاد روم پہونچے جہاں مولانا روم سے ملاقات ہوئی۔ (امیر خسرو سے ہند میں ملاقات ثابت نہیں۔ ہاں اتنا معلوم ہوتا ہے کہ امیر خسرو کا کلام سن کر پسند کیا تھا)۔

شیخ کے کلام سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ بے سروسامان متوکل درویشوں کی طرح سفر کرتے، اور ہر قسم کی تکلیفیں برداشت کر لیتے مگر اف تک نہ کرتے۔ خوفناک جنگلوں اور چٹیل میدانوں میں پیدل سفر کر لیتے۔ رات ہو جاتی تو عین راستے میں پتھریلی زمین پر سو رہتے۔

ایک مرتبہ بیت المقدس گئے۔ پھر فلسطین کے بیابانوں میں جا پہونچے۔ یہ صلیبی جنگوں کا زمانہ تھا۔ چنانچہ عیسائیوں نے پکڑ لیا۔ اور طرابلس الشرق میں ان سے خندق کھدواتے رہے۔ مدتوں بعد آپ کے ایک پرانے ملنے والے حلب کے معزز آدمی ادھر سے گزرے۔ حال پوچھا تو شیخ کہا!

ہمی گریختم از مردماں بکوہ بہ دشت — کہ از خدائے نہ بودم بہ دیگرے پرداخت
قیاس کن کہ چہ حالت بود دریں ساعت — کہ باطویلۂ نامردم بباید ساخت

یعنی آدمیوں سے بھاگتا تھا۔ جانوروں میں پھنس گیا ہوں۔ ظاہر ہے میری کیا حالت ہونی چاہیے۔ اس دوست کو رحم آیا۔ دس دینار دے کر شیخ کو قید فرنگ سے آزاد کرایا۔ اور اپنے ساتھ حلب لے گیا۔ اتنا ہی نہیں بلکہ اپنی بیٹی سے سو دینار مہر پر شادی کر دیا۔ مگر بیوی بدمزاج اور زبان دراز نکلی۔ شیخ کا ناک میں دم کر دیا۔ ایک دن طعنہ دیا کہ جناب وہی تو ہیں جنھیں میرے باپ نے دس دینار میں خریدا ہے! شیخ نے برجستہ جواب دیا! جی ہاں! میں وہی ہوں کہ آپ کے باپ نے مجھے دس دینار میں مول لیا۔ اور سو دینار میں آپ کے ہاتھ بیچ ڈالا۔

ترکستان کے صدر مقام کاشغر میں شیخ کی زندہ دلی کا ایک واقعہ قابل ذکر ہے۔ یہ وہ زمانہ تھا کہ تاتاریوں اور خوارزم شاہیوں کے درمیان صلح ہو چکی تھی۔ جامع کاشغر میں ایک طالب علم کو دیکھا کتاب نحو زمخشری ہاتھ میں لیے "ضَرَبَ زَیْدٌ عَمراً" کی رٹ لگا رہا ہے۔ آپ نے لڑکے سے کہا۔ کیوں میاں صاحبزادے! خوارزم و ختا میں تو صلح ہو گئی مگر زید و عمرو میں اب بھی مار پیٹ جاری ہے؟ طالب علم ہنس پڑا۔

اور شیخ کا وطن پوچھا۔ شیراز کا نام سنا تو فرمائش کی کہ سعدی کا کچھ کلام یاد ہو تو سنایئے۔ شیخ نے حسب موقع یہ شعر موزوں کر کے پڑھ دیا۔

اے دلِ عشاق بدامِ توصید ــــ ما بتو مشغول و تو باعمرو و زید

بعد میں کسی نے اسے بتایا کہ سعدی یہی ہیں۔ معذرت خواہانہ حاضر ہوا۔ مگر اب وہ کاشغر سے رخصت ہو رہے تھے۔
غرضیکہ جہاں گردی کے ان طویل ایام میں طرح طرح کے واقعات پیش آئے جن کا ذکر شیخ کی تصانیف میں جگہ جگہ موجود ہے۔

وطن واپسی: شیخ کو وطن سے نکلے ہوئے ایک زمانہ ہو گیا تھا۔ انھیں وطن کی یادیں بے چین کیا کرتی تھیں بالآخر اس طولانی سفر، آفاق وانفس کی سیر کے بعد یہ درویش صفت جہاں دیدہ شاعر وفقیہ تجربات معنوی اور افکارِ عالیہ کے سوغات کی دنیا لیے ہوئے ۶۵۸ھ میں شیراز واپس ہوا۔ ان دنوں وہاں قتلغ خاں (اتابک ابوبکر بن سعد زندگی (۶۲۳ھ ــــ ۶۶۸ھ) شیراز کے تخت سلطنت پر حکومت کر رہا تھا۔ ہر طرف امن وامان بحال اور نظم ونسق قائم ہو چکا تھا۔ خود کہتے ہیں۔

چو باز آمدم کشور آسودہ دیدم ــــ پلنگاں رہا کردہ خوئے پلنگی
چناں بود در عہد اول کہ دیدی ــــ جہانے پر آشوب وتشویش وتنگی
چنیں شد درایام سلطانِ عادل ــــ اتابک ابوبکر بن سعد زنگی

یہ بادشاہ بیدار مغز، اولوالعزم، اور علم وعلما کا قدر داں تھا۔ اس نے شیخ کی کافی قدر ومنزلت کیا۔ یہی بادشاہ شیخ کا ممدوح بھی رہا۔
اب پھر علماء، فضلا اور شعرا دور دور سے کھنچ کر شیراز آنے لگے اور ایک بار پھر شیراز زنگی کی سرپرستی میں گہوارۂ علم وفضل بن گیا۔ اور سعدی اس کی سرپرستی میں باطمینان تصنیف وتالیف کر سکے۔

اسی کے زمانے میں سعدی نے گلستاں اور بوستاں تصنیف کیں اور دوسری تصانیف بھی معرضِ وجود میں آئیں۔ ان کی تصانیف میں ان دو کتابوں کے سوا مختصر منظوم مناجات بنام "کریما" اور دیگر قصائد، غزلیات، قطعات، ترجیع بند، رباعیات، مقالات اور عربی قصائد بھی ہیں۔ جو ان کے دیوان وکلیات میں جمع کر دیئے گئے ہیں۔

اخیر عمر میں شیخ نے زاویہ نشینی (گوشہ نشینی) اختیار کر لی اور ارغون خاں کے زمانے کے بعد ۱۰۲ برس کی عمر پا کر ۶۹۱ھ مطابق ۱۲۹۲ء میں وصال فرمایا۔ مگر ان کتابوں کی وجہ سے زندہ جاوید ہو گئے۔

گلستاں

گلستاں: شیخ سعدی کی جادو بیانی اور فصاحت وبلاغت کا بہترین مرقع ہے۔ فارسی ادبیاتِ عالیہ کا بے مثل وبے نظیر شاہکار ہے۔ اس کے مضامین انتہائی بلند اور پند وموعظت سے لبریز ہیں۔ وہ سیرت واخلاق کا جامع بیان اور تجربات ومشاہدات کا بیش بہا نچوڑ اور عطر مجموعہ ہے۔ نصیحت آمیز حکایتوں کی شکل میں علم الاخلاق کا بہترین درس ہے۔ غرض کہ گلستاں کی اپنی بہت ساری وہ خوبیاں ہیں جو اسے دیگر فارسی ادبیات کی کتابوں پر برتری عطا کرتی ہیں۔ اور جو قبول عام اس کتاب کو حاصل ہوا ہے ویسی مقبولیت اس فن کی کسی اور فارسی کتاب کو حاصل نہ ہوئی۔ ایران وترکستان کے علاوہ ہندوپاک، یورپ وامریکہ اور تمام بلاد عالم میں خداداد مقبولیت کی حامل ہے۔ دنیا کی بیشتر اہم زبانوں میں اس کے ترجمے ہو چکے ہیں۔

یہ کتاب ۶۵۶ھ میں شیخ سعدی نے تصنیف کی۔ جس کو خود انھوں نے اس کے دیباچہ میں بیان کیا۔ اس وقت سے لے کر اب تک تقریباً ساڑھے سات سو برس سے اس کی تعلیم کا سلسلہ جاری ہے۔ بچپن میں اس کی تعلیم شروع ہوتی ہے اور بڑھاپے تک شوقِ مطالعہ برقرار رہتا ہے۔ نوع بنوع افراد کے لیے ہر طرح کے ذوق کی تسکین کا سامان اس میں موجود ہے۔

گلستاں: کی نثر فارسی نثر کا عدیم النظیر شاہکار اور سہل الممتنع کا نادر نمونہ ہے۔ اس کے چست اور برمحل فقرے آج تک بطور ضرب المثل استعمال ہوتے ہیں۔

فارسی نثر مدتوں تک تصنع اور پر تکلف طرز ادا کی زنجیروں میں جکڑی رہی۔ جس کے نمونے ''تاریخ وصاف'' اور ''جہانکشائے جوینی'' ہیں جن میں لفظی مناسبات اور صنائع بدائع کی بہتات کے سوا کچھ ہاتھ نہیں آتا۔ خود اس برصغیر میں ''انشائے ابوالفضل'' ''انشائے قتیل'' اور ''رسائل طغرا'' اسی قسم کی نثر کے نمونے ہیں۔ لیکن گلستاں جیسا ایجاز اور بلاغت بھری زبان کسی اور میں کہاں؟۔ اس کے برجستہ جملے مثلاً ''چہ حرام زادہ مرد مانند کہ سنگ را بستہ سگ را کشادہ''۔ ''دامن از کجا آرم کہ جامہ ندارم''۔ اور ''عاقلے را پرسیدند، نیک بخت کیست و بد بخت چیست، گفت نیک بخت آں کہ خورد و کشت و بد بخت آنکہ مرد و ہست'' اور خاص کر یہ جملہ کہ ''از بستر زمش بہ خاکسترے گرمش بنشاند'' اور اسی قبیل کے ہزاروں جملے ہیں جو صنائع لفظی اور محاسنِ معنوی سے بھرپور فارسی معلّٰی کا اعلیٰ شاہکار ہیں۔ ان میں ہم وزن الفاظ اور متناسب فقروں کی نشست و برخاست، عبارات میں بست و کشاد قابل دید ہے۔ پھر تقابل تضاد وغیرہ صنعتوں کی لذتیں ان پر مستزاد ہیں۔ طرفہ خوبی یہ کہ علم اخلاق کے مسائلِ دقیق کی ایسی ایجازی شکل ہے جسے بچے بھی بآسانی یاد کرلیں اور سمجھ جائیں۔

اربابِ بلاغت شیرینی ادا کے دیوانے نظر آتے ہیں، اہلِ ذوق سر دھنتے ہیں، فصاحت و بلاغت کا اعلیٰ ترین نمونہ بتاتے ہیں۔

چنانچہ ''ابوالفضل'' جیسا انشا پرداز اپنے علم و فضل کے باوجود معترف ہے کہ میں اس کی نظیر لانے سے قاصر رہا۔ علامہ سعد الدین تفتازانی جیسا نقاد طبع باآں فضل و کمال اور خود علم بلاغت میں مطول و مختصر جیسی عظیم شرحوں کی تصنیف اور عظمت قرطاس و قلم پر کامل دستگاہ کے باوجود آرزومند کہ


''اے کاش! سعدی میری تمام تصانیف لے لیتا اور گلستاں کا وہ فقرہ (آخر الذکر) مجھے دیدیتا۔

شیخ نے جگہ جگہ برمحل اشعار بھی پیش کیے ہیں جو سب کے سب ان کے طبع زاد ہیں۔ کسی دوسرے شاعر سے دریوزہ گری نہیں ہے۔ بہت سے اشعار بطور ضرب المثل زبانوں پر جاری و ساری ہیں۔

اخلاقی کتابوں میں گلستاں کا پایہ بہت بلند ہے۔ اس کی حکایات شیخ کے طویل تجربات کا بہترین نچوڑ ہیں۔ ان سے جو اخلاقی نتائج مرتب ہوتے ہیں ان کی صحت و صداقت میں کسی شک وشبہ کی گنجائش نہیں ہے۔ بحیثیت مجموعی گلستاں اخلاقیات کا ایک اعلیٰ علمی مجموعہ ہے جو عمدہ معاشرتی زندگی کے تمام پہلوؤں پر حاوی اور سیرت و کردار کی درستی میں اپنی مثال آپ ہے۔ اور صاحب مجمع الفصحا کے مطابق فارسی ادبیات کی چار نایاب کتابوں میں سے ایک ہے (باقی تین شاہنامہ فردوسی، مثنوی مولانا روم، دیوان حافظ ہیں) بلکہ نثر میں تنہا یہی کتاب بے نظیر ہے۔ جس کی شیرینی ادا اور لطف بیان نے ادبائے یورپ کو بھی مسخر کرلیا ہے اور وہ بھی اس کی تعریف میں رطب اللسان نظر آتے ہیں۔

بہرکیف گلستاں وہ اعلیٰ اور معیاری کتاب ہے جو بچپن ہی سے اعلیٰ سیرت و کردار کی تعمیر میں اہم رول انجام دیتی ہے۔ اور درس گاہوں میں بچوں کے اندر محاسنِ اخلاق کی دولتِ بے بہا اور فارسی ادب کا عمدہ ذوق پیدا کرنے میں ایک امتیازی مقام رکھتی ہے۔

نصر اللہ رضوی مصباحی
استاذ مدرسہ عربیہ فیض العلوم
محمد آباد گوہنہ
ضلع مئو



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ؕ

مِنّت خدائے را عزّ وجل کہ طاعتش موجبِ قُربتست و بشکر اندرش مزیدِ نعمت ہر نفسے کہ فرو میرود مُمدِّ حیاتست و چوں بر می آید مُفرِّحِ ذات پس در ہر نفسے دو نعمت موجودست و بر ہر نعمتے شکرے واجب

بیت

ازدست وزباں کہ برآید | کز عہدۂ شکرش بدر آید

اِعْمَلُوْٓا اٰلَ دَاوٗدَ شُكْرًا ؕ وَقَلِيْلٌ مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُوْرُ ؕ

قطعہ

بندہ ہماں بہ کہ ز تقصیرِ خویش | عذر بدرگاہِ خدا آورد

ورنہ سزاوارِ خداوندیش | کس نتواند کہ بجا آورد

مِنّت: (بکسر میم وتشدید نون مفتوح) احسان کا اقرار کرنا۔ جتانا۔ احسان۔ بھلائی۔ شکریہ۔ شکرگزاری۔ حق تعالیٰ کی تحمید میں لفظ "شکر" سے بلیغ تر ہے۔ بعض نسخوں مِنت کے بعد لفظ "مر" بمعنی خاص ہے۔ خدائے راعزّ وجل: ادب فارسی کا ایک مخصوص انداز ہے کہ مرکب توصیفی میں فصل پیدا کردیتے ہیں، یعنی صفت موصوف کے درمیان کسی جار کو داخل کردیتے ہیں۔ یہ ترکیب اصل میں اس طرح ہے۔ مِنت خدائے عزّ وجل را۔ پھر "ادامی کنم" محذوف ہے۔ عزّ وجل: عزت وجلال والا۔ بزرگ و برتر۔ طاعت: بندگی۔ موجب: سبب۔ مزیدِ نعمت: آیت کریمہ ہے وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكُمْ لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ. اور یاد کرو جب تمہارے رب نے سنادیا کہ اگر احسان مانوگے تو میں تمہیں اور دونگا۔ آیت ۷ سورہ ابراہیم ۱۴۔ (اس سے معلوم ہوا کہ شکر سے نعمت زیادہ ہوتی ہے۔) نفَس: (بفتحتین) سانس۔ جمع انفاس اور نفْس: (بسکون فا) خواہش، جان، روح، جمع نفوس۔ فرو رفتن: اندر جانا۔ ممِدّ: مددگار۔ مفرّح: فرحت بخشنے والا۔ جب انسان اندر کو سانس کھینچتا ہے تازہ ہوا روح کو بالیدگی عطا کرتی ہے اور جب سانس باہر نکالتا ہے طبیعت کو فرحت محسوس ہوتی ہے۔ کہ: کون، کس۔ از دست: اس میں اشارہ ہے کہ شکر جوارح سے بھی ادا ہو جاتا ہے۔ زبان ہی سے ادائیگی منحصر نہیں ہے۔ حمد کے خلاف۔ بیت: شعر کے دو مصرعے۔ جمع ابیات۔ اس معنی میں بیوت جمع نہیں آتی۔ اِ: اے داؤد والو! شکر کرو۔ اور میرے بندوں میں کم ہیں شکر والے۔ آیت ۱۳۔ سورہ سبا ۳۴۔ قطعہ: ٹکڑا،

خوان: دستر خوان۔ طباق۔ بیدریغ: بے روک ٹوک۔ ناموس: عزت، نام و ننگ۔ آبرو۔ فاحش: فحش، شرمناک۔ کریمے: کریم بمعنی

بارانِ رحمتِ بیحسابش ہمہ را رسیدہ وخوانِ نعمتِ بیدریغش ہمہ جا کشیدہ پردۂ ناموسِ بندگاں بگناہِ فاحش ندرد و وظیفۂ روزی بخطائے منکر نبرد

قطعہ

اے کریمے کہ از خزانۂ غیب | گبر و ترسا وظیفہ خور داری
دوستاں را کجا کنی محروم | توکہ با دشمناں نظر داری

فراشِ بادِ صبا را گفتہ تا فرشِ زمرّدیں بگسترد و دایۂ ابرِ بہاری را فرمود تا بناتِ نبات را در مہدِ زمین بپرورد و درختاں را بخلعتِ نوروزی قبائے استبرق در بر گرفتہ واطفالِ شاخ را بہ قدومِ موسمِ ربیع کلاہِ شگوفہ بر سر نہادہ عصارۂ نحلے بقدرتِ او شہدِ فائق شدہ وتخمِ خرمائے بہ تربیتِ او نخلِ باسق گشتہ۔

قطعہ

ابر و باد و مہ و خورشید و فلک در کارند | تا تو نانے بکف آری و بغفلت نخوری
ہمہ از بہرِ تو سرگشتہ و فرماں بردار | شرطِ انصاف نباشد کہ تو فرماں نبری

در خبر است از سرورِ کائنات مفخرِ موجودات رحمتِ عالمیاں صفوتِ آدمیاں تتمۂ دورِ زماں۔

مہربان منادی ہے یا منادی محذوف کی صفت ہے اور یاء مجہول موصولہ ہے اور "کہ" صلہ۔ گبر: آتش پرست۔ ترسا: نصاریٰ و آتش پرست۔ (روی لفظ ہے) وظیفہ خور: وظیفہ خوار۔ دوستاں: اس سے مراد اطاعت کرنے والے بندے۔ دشمناں: نافرمان بندے مراد ہیں۔ نظر داشتن: نگہبانی اور پرورش کرنا۔ فراش: فرش بچھانے والا۔ بادصبا: صبح کے وقت کی ٹھنڈی ہوا۔ پُروا۔ فراشِ بادِ صبا: باد صبا جو فرش بچھانے والی ہے۔ فرشِ زمرّدیں: زمرد کی طرح سبز رنگ کا فرش یعنی گھاس کا فرش۔ دایۂ ابر بہاری: ابر بہار جو گلستان کے لیے دایہ کی طرح پرورش کرنے والا ہے۔ بنات: بیٹیاں ۔ نبات: گھاس بناتِ نبات۔ پودے۔ مہد: گہوارہ ، جھولا۔ خلعت نوروزی: وہ جوڑا جو نوروز کے دن بطور انعام دیا جاتا ہے۔ نوروز: موسم بہار کا پہلا دن جو ایرانیوں کے قومی جشن عید کا دن ہے۔ استبرق: سبز اطلس کی قسم کا ایک ریشمی کپڑا۔ قبائے

استبرق: سبز ریشمی قبا، سبز لباس، مراد سبزہ ہے۔ اطفالِ شاخ: نئی نئی شاخیں۔ قدوم: آمد، آنا۔ عصارۂ نحل: شہد کی مکھی کا چوسا ہوا اور نچوڑا ہوا رس۔ فائق: برتر و بالا۔ لذیذ اور عمدہ۔ تخم خرما: چھوہارے کی گٹھلی۔ نخل: کھجور کا درخت۔ باسق: تناور۔ درکارند: مصروف کار ہیں۔ بکف آوردن: حاصل کرنا۔ شرط انصاف نباشد: انصاف کی بات نہ ہوگی۔ در خبر است: حدیث میں ہے۔ حدیث کے مضمون کا بیان آگے تینوں شعر کے بعد "یکے از بندگانِ گنہگار الخ" سے شروع ہے اور "از سرور کائنات الخ" سے حمد کے بعد نعت کا سلسلہ شروع ہے۔ صفوت: برگزیدگی، برگزیدہ۔ خالص۔ تتمۂ دورِ زماں: یعنی پیغمبر آخر الزماں۔ خاتم النبیین۔

بیت

شفیعٌ مطاعٌ نبیٌّ کریمٌ | قسیمٌ جسیمٌ نسیمٌ وسیمٌ

بیت

بلغ العلیٰ بکمالہٖ، کشف الدجیٰ بجمالہٖ | حسنت جمیعُ خصالہٖ، صلّوا علیہ وآلہٖ

بیت

چہ غم دیوارِ امت را کہ دارد چوں تو پشتیبان | چہ باک از موجِ بحر آں را کہ باشد نوح کشتیبان

کہ یکے از بندگانِ گنہگارِ پریشانِ روزگار دستِ انابت بامیدِ اجابت بدرگاہِ خداوند جلّ وعلا بردارد ایزد تعالیٰ دروے نظر نکند بازش بخواند بارِ دیگر اعراض فرماید بازش بہ تضرع وزاری بخواند حق سبحانہ وتعالیٰ گوید یا ملائکتی قد استحییتُ من عبدی ولیس لہ غیری دعوتش را اجابت کردم وامیدش برآوردم کہ از بسیاریِ دعا وگریۂ بندہ ہمی شرم دارم۔

بیت

کرم بین ولطفِ خداوندگار | گنہ بندہ کردست و او شرمسار

عاکفانِ کعبۂ جلالش بہ تقصیرِ عبادت معترف کہ ما عبدناک حق

شفیع: شفاعت اور سفارش کرنے والے۔ مطاع: اطاعت کیا ہوا۔ جس کی اطاعت کی جائے۔ قسیم، جسیم، نسیم، وسیم: یہاں چاروں الفاظ سے شیخ سعدی نے حسن و خوبروئی کے معانی مراد لیے ہیں۔ شعر کا ترجمہ: آپ شفاعت کرنے والے، مخلوق کے مطاع، کرم فرمانے والے نبی ہیں۔ آپ نعمتوں کے تقسیم کرنے والے، سبک رفتار، خوبرو اور حسین مرد ہیں۔

۲ آپ اپنے کمال کی وجہ سے مرتبوں کی بلندی پر پہونچے اور آپ نے اپنے نورِ جمال سے (ہر طرح کی) تاریکیوں کو دور فرمایا۔ آپ کی تمام خصلتیں عمدہ ہیں۔ ان پر اور ان کی آل واولاد پر درود بھیجو۔ پشتیبان: سہارا دینے والا۔ مددگار۔ کشتیبان: کشتی چلانے والا۔ انابت: خدائے تعالیٰ کی طرف رجوع کرنا۔ مجازاً بمعنی توبہ و دعا۔ اجابت: قبولیت۔ مقبول ہونا۔ بخواند: توبہ و دعا کرتا ہے۔ اعراض: توجہ نہ کرنا۔ منہ موڑ لینا، گریز کرنا۔ تضرع: عجز و نیاز کا اظہار کرنا۔ تضرع وزاری: گریہ وزاری۔

۳: اے میرے فرشتو! مجھے اپنے بندے سے شرم آتی ہے۔ اس کے لیے میرے سوا کوئی نہیں۔ دعوتش: اس کی دعا۔ اجابت کردن: قبول کرنا۔

عاکفان: عاکف کی جمع۔ گوشہ نشین۔ مَا عَبَدْنَاکَ ....الخ: ہم تیری عبادت کا حق ادا نہ کرسکے۔

عِبَادَتِکَ و واصفانِ حِلیہ جمالش بتحیر منسوب کہ مَا عَرَفْنَاکَ حَقَّ مَعْرِفَتِکَ

قطعہ

گر کسے وصفِ او زمن پرسد | بیدل از بے نشاں چہ گوید باز
عاشقاں کشتگانِ معشوقند | بر نیاید زکشتگاں آواز

یکے از صاحبدلان بجیبِ مراقبہ فرو بردہ بود و در بحرِ مکاشفہ مستغرق شدہ حالے کہ ازاں معاملت باز آمد یکے از محبّاں گفت ازیں بوستاں کہ بودی چہ تحفہ کرامت کردی اصحاب راگفت بخاطر داشتم کہ چوں بدرختِ گل برسم دامنے پُرکنم ہدیۂ اصحاب را چوں برسیدم بوئے گلم چناں مست کرد کہ دامنم از دست برفت۔

قطعہ

اے مرغِ سحر عشق ز پروانہ بیاموز | کاں سوختہ را جاں شد و آواز نیامد
ایں مدّعیاں در طلبش بیخبرانند | کاں راکہ خبر شد خبرش باز نیامد

قطعہ

اے برتر از خیال و قیاس و گمان و وہم | وز ہرچہ گفتہ اند و شنیدیم و خواندہ ایم
دفتر تمام گشت و بپایاں رسید عمر | ما ہمچناں در اول وصفِ تو ماندہ ایم

واصفان: واصف کی جمع: تعریف کرنے والے۔ مَا عَرَفْنَاکَ الخ: یعنی ہم تجھے کما حقہ نہ پہچان سکے۔ بیدل: عاشق۔ بے نشان: مراد ذات خداوندی۔ چہ گوید باز: یعنی کھل کر کیا کہے۔ وضاحت سے کیا بیان کرے۔ صاحبدلاں: اہل دل، اہل تصوف، اللہ والے۔ سعدی نے خود اپنے کو مراد لیا ہے۔ مستغرق: ڈوبا ہوا۔ سر بجیب مراقبہ فرو بردن: متوجہ بخدا سر جھکا کر بیٹھنا۔ مکاشفہ: (اصطلاح صوفیہ میں) صوفی کے دل کی وہ کیفیت جس میں اس پر اسرار خداوندی اور غیبی امور عیاں ہو جاتے ہیں۔ حالے کہ ازاں معاملت باز آمد: یعنی جب اس نے مکاشفہ سے سر اٹھایا۔ عالم مکاشفہ ختم ہوا۔ خاطر: فکر و خیال۔ از دست برفت: ہاتھ سے چھوٹ گیا۔ (میں بے خود ہو گیا) دامنے پر کنم ہدیۂ اصحاب را: یعنی ... ہدیۂ اصحاب دامنے ... ل ہا پر کنم۔ ہدیہ: تحفہ۔ ... غ سحر: بلبل نیز ہر وہ ... جو صبح کو چہچہائے۔ یعنی ... بلبل تو عشق پروانے ... سیکھ کہ وہ راہِ محبت میں ... کھو بیٹھتا ہے لیکن کیا ... کہ آہ بھی کرے۔ یہی ... عشق ہے۔ صبح دم چہچہانا اور آہیں بھرنا خام ... ہے۔ مدعیاں: عشق ... میں شور مچانے اور جھوٹا دعویٰ کرنے والے۔ یعنی یہ دنیا والے جو طلب خدا اور عشق الٰہی کا دعویٰ کرتے ہیں وہ اس حقیقت سے بے خبر ہیں۔ دلیل یہ ہے کہ جن لوگوں کو اس ذات کی آگاہی حاصل ہوئی پھر ان کی بھی خبر نہ ملی۔ یعنی وہ گم کردہ ہوش ہو گیے اور خدا شناسی کا دعویٰ نہ کر سکے۔ خیال: (ج) پندار، تصور، صورت جو خواب میں نظر آئے یا بیداری میں تصور کرے، سمجھ، رائے۔ قیاس: دو چیزوں کے درمیان اندازہ کرنا۔

ذکرِ محامدِ پادشاہِ اسلام اتابک ابوبکر بن سعد بن زنگی نور اللہ تربتہ

ذکرِ جمیلِ سعدی کہ در افواہِ عوام افتادہ است وصیتِ سخنش کہ در بسیطِ زمین رفتہ وقصب الجیبِ حدیثش کہ ہمچو شکر می خورند ورقعۂ منشآتش کہ ہمچو کاغذِ زر می برند بر کمالِ فضل وبلاغتِ او حمل نتواں کرد بلکہ خداوندِ جہاں وقطبِ دائرۂ زماں وقائم مقامِ سلیمان وناصرِ اہلِ ایمان اتابکِ اعظم مظفر الدنیا والدین ابوبکر بن سعد بن زنگی ظلُّ اللہ تعالیٰ فی ارضہٖ ربِّ ارضَ عنہ وارضہٖ بعینِ عنایت نظر کردہ است وتحسینِ بلیغ فرمودہ وارادتِ صادق نمودہ لاجرم کافۂ انام از خواص وعوام بہ محبتِ او گرائیدہ اند کہ النّاسُ علیٰ دینِ ملوکِہم۔

رباعی

زانگہ کہ ترا بر منِ مسکین نظر است | آثارم از آفتاب مشہور تر است
گر خود ہمہ عیب ہا بدیں بندہ در است | ہر عیب کہ سلطاں بہ پسندد ہنر است

قطعہ

گلے خوشبوئے در حمام روزے | رسید از دستِ محبوبے بدستم

محامد: جمع ہے واحد محمدۃ ہے ستائش وتعریف، خوبیاں۔ اتابک: استاد، ادب سکھانے والا، شاہانِ شیراز کا لقب، چونکہ ان کا مورثِ اعلیٰ سلطان سنجر کا اتالیق تھا اس لیے لفظ اتابک بطورِ تفاخر ہمیشہ ہی استعمال کرتے رہے لغوی معنی نگہبان۔ نوّر اللہ تربتہ: اللہ اس کی قبر کو نور سے بھر دے۔ جمیل: اچھا، عمدہ، خوب۔ سعدی: سعد بن ابوبکر بن سعد زنگی کی طرف منسوب ہے۔ اسے مصلح الدین شیرازی نے اپنا تخلص قرار دیا تھا۔ افواہ: فوہ کی جمع، منہ۔ در افواہ عوام افتاد: عوام میں مشہور ہوا۔ صیت: شہرت۔ چرچا۔ قصب الجیب حدیث: یہاں اضافت تشبیہی ہے۔ رقعۂ منشآت: یعنی انشاء پردازی کے خطوط ومضامین۔ کاغذ زر: سونے کا ورق۔ سعدی کے عہد میں نوٹ کا رواج نہ تھا، ورنہ نوٹ کے معنی لیے جاسکتے ہیں۔ جدید فارسی میں یہی معنی ہیں۔ بر کمالِ فضل وبلاغت او حمل نتواں کرد: یہ فقرہ خبر ہے اور "ذکرِ جمیلِ سعدی" مبتدا۔ قطب: آہنی میخ جس پر چکی گھومتی ہے۔ ایسے شخص کو کہتے ہیں جو سارے امور میں لوگوں کا مرجع ہو۔ قائم مقام سلیمان: اس بناء پر کہا کہ حضرت سلیمان کا پایۂ تخت بھی شیراز ہی تھا۔ مظفر: کامیاب۔ ظل اللہ الخ: خدا کی سرزمین میں خدا کا سایہ۔ اے خدا! تو اس سے راضی رہ اور اس کو خوش رکھ۔ تحسین بلیغ: بہت زیادہ تعریف وتوصیف۔ ارادتِ صادق: سچی عقیدت۔ لاجرم: بیشک، یقیناً۔ یعنی اسی کے نتیجہ میں۔ کافۂ انام: پوری مخلوق۔ الناس الخ: رعایا بادشاہ کے مذہب پر چلتی ہے۔ یعنی اسی کا انداز واطوار اپناتی ہے۔ رباعی: (شعراء عجم کی اصطلاح میں) ایسے چار مصرعے کہ مصراع چہارم پہلے اور دوسرے کا ہم قافیہ ہو اور تیسرے مصراع میں لازم نہیں کہ وہی قافیہ ہو۔ یہ رباعی بحر ہزج اخرب واخرم مثمن میں آئے گی جس کا وزن خاص یہ ہے۔ لاحول و لاقوۃ الا باللہ۔ اگر اس وزن پر نہ ہو اس کو قطعہ کہیں گے۔ رباعی نہ کہیں گے۔ اس کی مثال: "ای مرغ سحر عشق ز پروانہ بیاموز" ہے۔ زانگہ: یعنی چونکہ۔ آثار: اثر کی جمع، نشان۔ مراد کلام اور تصانیف ہیں۔ گلے خوشبوئے: گلے میں یائے تنکیر ہے۔ پورا قطعہ بطور تمثیل بیان کیا ہے اور ہم نشینی کے اثرات سے آگاہ بنایا کہ صحبت اثر انداز ہوتی ہے۔ اور اچھوں کی صحبت اچھا بنا دیتی ہے۔ مقصد یہ ہے کہ میں اگرچہ بے حیثیت ہوں لیکن بادشاہ کی نظر ... تھے تاکہ نہاتے وقت اس سے سر دھو سکیں۔

عبیر: ایک قسم کی مرکب خوشبو جو صندل وگلاب ومشک سے بناتے ہیں۔ اللھم... الخ: اے اللہ! اس (بادشاہ) کی درازی عمر سے مسلمانوں کو

بدو گفتم کہ مشکی یا عبیری	کہ از بوئے دلآویز تو مستم
بگفتا من گلے ناچیز بودم	ولیکن مدتے با گل نشستم
جمالِ ہمنشیں در من اثر کرد	وگرنہ من ہماں خاکم کہ ہستم

اَللّٰھُمَّ مَتِّعِ الْمُسْلِمِیْنَ بِطُوْلِ حَیَاتِہٖ وَضَاعِفْ ثَوَابَ جَمِیْلِہٖ وَحَسَنَاتِہٖ وَارْفَعْ دَرَجَ اَوِدَّائِہٖ وَوُلَاتِہٖ وَدَمِّرْ عَلٰی اَعْدَائِہٖ وَشُنَاتِہٖ بِمَا تُلِیَ فِی الْقُرْاٰنِ مِنْ اٰیَاتِہٖ وَاٰمِنْ بَلَدَہٗ یَا رَبِّ احْفَظْ وَلَدَہٗ

قطعہ

لَقَدْ سَعِدَ الدُّنْیَا بِہٖ دَامَ سَعْدُہٗ	وَاَیَّدَہُ الْمَوْلٰی بِاَلْوِیَۃِ النَّصْرِ
کَذَالِکَ تَنْشَا لِیْنَۃٌ ھُوَ عِرْقُھَا	وَحُسْنُ نَبَاتِ الْاَرْضِ مِنْ کَرَمِ الْبَذْرِ

ایزد تعالیٰ وتقدس خطۂ پاک شیراز را بہ ہیبتِ حاکمانِ عادل وہمتِ عالمانِ عامل تا زمانِ قیامت در امانِ سلامت نگہدارد

قطعہ

اقلیم پارس را غم از آسیبِ دہر نیست	تا بر سرش بود چو توئے سایۂ خدا
امروز کس نشاں ندہد در بسیطِ خاک	مانند آستانِ درت مأمنِ رضا
بر تست پاسِ خاطرِ بیچارگان و شکر	بر ما و بر خدائے جہاں آفریں جزا

فائدہ پہونچا اور اس کی نیکیوں اور خوبیوں کا اس کو دو چند ثواب عطا فرما۔ اور اس کے دوستوں اور حاکموں کے مراتب بلند فرما۔ اور اس کے دشمنوں اور بدخواہوں پر ہلاکت نازل فرما۔ قرآن کی ان آیتوں کی برکت سے جن کی تلاوت کی جاتی ہے۔ اے اللہ! اس کے ملک کو پر امن رکھ اور اس کے فرزند (ولی عہد) کی نگہبانی فرما۔ لقد.. الخ: اس (بادشاہ) کی وجہ سے دنیا نیک بخت بنی۔ خدا کرے اس کی نیک بختی ہمیشہ رہے۔ اور مولیٰ تعالیٰ نصرت کے جھنڈوں سے اس کی مدد فرمائے۔ اسی طرح نشو ونما پائے گا وہ درخت (یعنی صاحبزادہ) جس کی وہ (بادشاہ) جڑ ہے۔ زمین کی پیداوار کی خوبی بیج کی عمدگی پر (منحصر) ہے۔ تعالیٰ و تقدس: بلندی اور پاکیزگی والا۔ اِقلیم: ربع مسکون (آباد زمین) کا ساتواں حصہ، حصہ ملک، جمع اَقالیم۔ قدیم جغرافیائی تقسیم میں ساری دنیا سات اقلیم میں منقسم ہے۔ پارس اقلیم چہارم میں ہے۔ پارس: علاقۂ ایران کو کہا جاتا ہے پارس بن پہلو بن سام بن نوح کی مملکت رہا ہے۔ اس لیے اسی کے نام سے مشہور ہو گیا۔ اس ملک کے مشہور شہر شیراز، اصفہان، ہمدان وغیرہ ہیں۔ اور پارس ترکی میں پلنگ درندہ کو کہتے ہیں۔ سایۂ خدا: مراد بادشاہ۔ بسیط خاک: روئے زمین۔ مأمن: امن وامان کی جگہ۔ مأمن رضا: سے اشارہ امام علی موسیٰ رضا رضی اللہ عنہ کے مزار مبارک کی طرف ہے جو مشہد مقدس میں ہے۔ جہاں آفریں:

یارب ز بادِ فتنہ نگہدار خاکِ پارس | چندانکہ خاک را بود و باد را بقا

در سببِ تالیفِ کتاب

یک شب تأملِ ایامِ گذشتہ می کردم و بر عمرِ تلف کردہ تأسف می خوردم و سنگلاخۂ دل را بالماسِ آبِ دیدہ می سفتم و این بیتہا مناسبِ حالِ خود می گفتم۔

مثنوی

ہر دم از عمر می رود نفَسے	چون نگہ می کنم نماند بسے
اے کہ پنجاہ رفت و در خوابی	مگر ایں پنج روز دریابی
خجل آنکس کہ رفت و کار نساخت	کوسِ رحلت زدند و بار نساخت
خوابِ نوشیں بامدادِ رحیل	باز دارد پیادہ را ز سبیل
ہر کہ آمد عمارتے نو ساخت	رفت و منزل بدیگرے پرداخت
واں دگر پخت ہمچنیں ہوسے	ویں عمارت بسر نبرد کسے
یارِ ناپائدار دوست مدار	دوستی را نشاید ایں غدّار
مادۂ عیشِ آدمی شکم است	تا بتدریج میرود چہ غم است

چنداں کہ الخ: مراد ہمیشگی ہے۔ تالیف: جمع کرنا۔ کتاب لکھنا۔ مرتب کرنا۔ مضامین اگر طبع زاد ہوں تو تصنیف ہے۔ اگر دوسروں سے مستفاد ہوں تو تالیف ہے۔ تأمل: غور و فکر کرنا۔ تلف کردہ: برباد کی ہوئی۔ ضائع۔ تأسف: افسوس کرنا۔ سنگلاخۂ دل: سنگ: پتھر۔ لاخ۔ ولاخہ: کثرت ظاہر کرنے کے لیے بڑھاتے ہیں۔ جس سے معنی جمع پیدا ہو جاتا ہے۔ یعنی دل کے پتھروں۔ آب دیدہ: آنسو۔ الماس: ہیرا۔ انتہائی سخت چیزیں ہیرے سے تراشی جاتی ہیں۔ خصوصاً موتی میں ہیرے کے برمے سے سوراخ کرتے ہیں۔ سعدی نے اس مناسبت کو ملحوظ رکھا۔ آنسوؤں کے ہیرے سے دل کے پتھروں میں سوراخ کر رہا تھا۔ اور بعض نسخوں میں "سنگ سراچہ" ہے یعنی چھوٹی سرائے مراد دل ہے۔ اس جملے سے مراد یہ ہے کہ دل افسردہ تھا اور میں آنسو بہا رہا تھا۔ مثنوی: مثنیٰ کی طرف منسوب۔ وہ منظوم کلام جس کے ہر بیت میں دو قافیہ علیحدہ ہوں۔ لہذا مختلف القوافی ابیات کو "مثنوی" کہتے ہیں۔ ہردم: ہر گھڑی۔ نگہ: نگاہ کا مخفف۔ بمعنی غور، فکر۔ بسے: زیادہ۔ اے: یہاں منادیٰ یعنی مخاطب محذوف ہے۔ پنجاہ: مراد کثیر ہے۔ پنج روز: یعنی زندگی کے باقیماندہ تھوڑے دن۔ خجل: شرمندہ۔ کوس رحلت: روانگی کا نقارہ۔

خواب نوشیں: میٹھی نیند۔ بامداد: صبح۔ رحیل: کوچ۔ روانگی۔ بدیگرے پرداخت: دوسرے کے لیے خالی کر دیا۔ ہوس پختن: خیالی پلاؤ پکانا۔ ہوسے پخت: یعنی پہلے والے طرح دوسری تعمیر کا قصد کیا۔ یارِ ناپائیدار: مراد دنیا ہے۔ نشاید: مناسب نہیں، موزوں نہیں۔ غدار: سخت بیوفا۔ دھوکہ باز۔ مراد دنیا ہے۔ مادۂ عیش: زندگانی کا مدار، سرمایہ۔ فارسی میں ضرورت شعری کی بنا پر دال ساکن کر لیتے ہیں۔ بتدریج: اعتدال کے ساتھ، آہستہ آہستہ۔ یعنی جب تک پیٹ کی حالت اعتدال و توازن کے ساتھ رہے۔

گر بہ بندد: یعنی قبض ہو جائے۔ (۱) دل بر کردن: امید منقطع کر لینا۔ گو دل الخ: بعض نسخوں میں یوں ہے، "گو دل از غم پری کند شاید" ہو سکتا ہے۔ دل غم سے بھر جائے تو ہو سکتا ہے۔

گر بہ بندد چنانکہ نکشاید | اگر دل از عمر بر کند شاید
ور کشاید چنانکہ نتواں بست | گو بشو از حیاتِ دنیا دست
چار طبعِ مخالف و سرکش | چند روزے بوند باہم خوش
گر یکے زیں چہار شد غالب | جانِ شیریں برآید از قالب
لاجرم مردِ عارفِ کامل | ننہد بر حیاتِ دنیا دل
نیک و بد چوں ہمی بباید مُرد | خنک آنکس کہ گوئے نیکی بُرد
برگِ عیشی بگورِ خویش فرست | کس نیارد ز پس تو پیش فرست
عمر برف ست و آفتاب تموز | اندکے ماند و خواجہ غرّہ ہنوز
اے تہیدست رفتہ در بازار | ترسمت پُر نیاوری دستار
ہر کہ مزروع خود خورد بخوید | وقتِ خرمنش خوشہ باید چید
پندِ سعدی بگوش دل بشنو | رہ چنیں ست مرد باش و برو

بعد از تامل مصلحت آں دیدم کہ در نشیمنِ عزلت نشینم و دامنِ صحبت فراہم چینم و دفتر از گفتار ہائے پریشاں بشویم و من بعد پریشاں نگویم۔

بیت

زباں بریدہ بکنجے نشستہ صمٌّ بکمٌ | بہ از کسے کہ نباشد زبانش اندر حکم

دست از حیاتِ دنیا شستن: دنیا کی زندگی سے ہاتھ دھو لینا۔ ور کشاید: یعنی اگر دست آنے لگیں۔ چار طبع مخالف: عناصر اربعہ (آگ، پانی، مٹی، ہوا) کی چار طبیعتیں جو آپس میں مخالف ہیں۔ حرارت، برودت، رطوبت، یبوست یا خود عناصر مراد ہیں۔ باہم خوش بودن: آپس میں متوازن رہنا۔ قالب: کالبد، بدن انسانی۔ لاجرم: ناچار۔ ناگزیر۔ یقیناً۔ مرد عارف: معرفت رکھنے والا۔ خدا شناس مرد، دل نہ نہد: دل نہیں لگاتا۔ خنک: خوش و خرم۔ گوئے نیکی برد: نیکی کی گیند لے گیا۔ یعنی نیکی میں سبقت لے گیا۔ برگ: پتہ مراد ساز و سامان۔ عیشی: خوشی۔ راحت۔ برگ عیشی: مراد نیک کام ہیں۔ کس نیارد الخ: یعنی تم خود توشہ آخرت تیار کر لو۔ تموز: رومی مہینے کا نام ہے۔ ایران میں یہ مہینہ شدت گرما کے لیے ضرب المثل ہے۔ عمر برف … الخ: عمر مشبہ مفرد ہے۔ برف اور آفتاب تموز مشبہ بہ مرکب یعنی زندگی برف اور ماہ تموز کے آفتاب کے مانند ہے۔ غرّہ: فریب خوردہ۔ دھوکہ کھایا ہوا۔ تہیدست: خالی ہاتھ۔ منادی کی صفت ہے یعنی اے شخص تہیدست۔ پُر نیاوری دستار: دستار بمعنی رومال ہو سکتا ہے۔ یعنی رومال میں بازار سے سودا بھر کر نہ لا سکے گا۔ مزروع: کھیتی۔ خوید: بفتح اول و کسر داو۔ بروزن بعید۔ اور خید بالکسر بغیر واو کے بروزن عید دونوں درست ہے۔ معنی کچی۔ یعنی جو شخص اپنی کھیتی پکنے سے پہلے کچے میں کھا جائے گا تو کٹائی کے وقت فقیروں کی طرح اسے خوشہ چینی کرنی پڑے گی۔ تامل: غور و فکر کرنا۔ بعض نسخوں میں یوں ہے "بعد از تاملِ ایں معنیٰ"۔ نشیمن: نشستگاہ۔ خلوت خانہ۔ چھوٹا گھر۔ عزلت: تنہائی۔ علیحدگی۔ دامنِ صحبت فراہم چینم: صحبت کا دامن سمیٹ لوں۔ یعنی ملنا جلنا ترک کر دوں۔ [illegible]

تا یکے از دوستاں کہ در کجاوہ ہم نشین من بودے و در حجرہ جلیس برسم قدیم از در درآمد چندانکہ نشاطِ ملاعبت کرد و بساطِ مداعبت گسترد جوابش نہ گفتم و سر از زانوئے تعبّد برنگرفتم رنجیدہ نگہ کرد و گفت۔

قطعہ

کنونت کہ امکانِ گفتار ہست | بگوائے برادر بلطف و خوشی،
کہ فردا چو پیکِ اجل در رسد | بحکم ضرورت زباں درکشی

کسے از متعلقانِ منش بر حسبِ واقعہ مطلع گردانید کہ فلاں عزم کردہ است و نیّتِ جزم کہ بقیّتِ عمر معتکف نشیند و خاموشی گزیند تو نیز اگر توانی سرِ خویش گیر و مجانبت پیش گفتا بعزّتِ عظیم و صحبتِ قدیم کہ دم برنیارم و قدم برندارم مگر آنگہ کہ سخن گفتہ شود بعادتِ مالوف و طریقِ معروف کہ آزردنِ دلِ دوستاں جہل است و کفّارتِ یمین سہل خلافِ راہِ صواب ست و عکسِ رائے اولی الالباب ذوالفقارِ علی در نیام و زبانِ سعدی در کام۔

قطعہ

زباں در دہانِ خردمند چیست | کلیدِ درِ گنجِ صاحب ہنر

کجاوہ: محمل۔ اونٹ کا پالان۔ ہمنشین: ساتھ بیٹھنے والا۔ جلیس: ساتھ بیٹھنے والا۔ ساتھی، جمع جُلَساء۔ نشاط: خوشی، ملاعبت: آپس میں کھیل کود کی باتیں کرنا۔ نشاطِ ملاعبت: یعنی خوشی مذاقی۔ مداعبت: مذاق، دل لگی۔ بساط: بچھونا۔ تعبّد: عبادت کرنا، سر برنگرفتم: میں نے سر نہ اٹھایا۔ کنونت: (یعنی اکنوں کہ ترا) اب کہ تجھ کو۔ امکان: طاقت۔ پیک اجل: موت کا قاصد۔ (موت کا فرشتہ) زبان در کشی: یعنی تو خاموش ہو جائے گا۔ منش: اصل میں من اش تھا۔ ش ضمیر منصوب ہے۔ فلاں: یعنی سعدی نے۔ عزم جزم: پختہ ارادہ۔ معتکف: مسجد یا کسی جگہ پر دنیا سے قطع تعلق کر کے بہ نیت عبادت بیٹھنے والا۔ اعتکاف کرنے والا۔ سرِخویش: اپنا خیال۔ مجانبت: کنارہ کشی۔ علیحدگی۔ گفتا: الف برائے تحسین کلام ہے۔ بعزت: با، قسمیہ ہے۔ بعزت عظیم: عظمت والے خدا کی عزت کی قسم۔ دم برنیارم الخ: یعنی جب تک سعدی گفتگو نہ شروع کردیں تب تک نہ میں دم لوں گا نہ ٹلونگا۔ عادت مالوف: پسندیدہ اور مانوس عادت۔ یعنی حسب معمول سابق۔ کفارتِ یمین: قسم توڑنے کا بدلہ وفدیہ۔ (دیدینا آسان ہے)۔ سہل: آسان۔ یعنی اگر سعدی نے بات نہ کرنے کی قسم کھائی ہے تو قسم توڑ دیں اور اس کا کفارہ ادا کردیں۔ ذوالفقار: اس دودھاری تلوار کا نام جو سرکار رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو عنایت فرمائی تھی۔ زبان سعدی در کام: یعنی تلوار کا نیام میں رکھے رہنا اور سعدی کا زبان کو تالو سے چمٹائے

پیلہ ور : بساطہ فروش۔ بعض نسخوں میں شیشہ گر ہے۔ مگر باعتبار سیاق "پیلہ ور" ہی مناسب ہے۔ طیرۂ عقل : خرابی عقل کی دلیل۔ دم

چو در بستہ باشد چہ داند کسے | کہ جوہر فروش ست یا پیلہ ور

قطعہ

اگرچہ پیش خردمند خامشی ادبست | بوقتِ مصلحت آں بہ کہ در سخن کوشی
دو چیز طیرۂ عقل ست دم فروبستن | بوقتِ گفتن و گفتن بوقتِ خاموشی

فی الجملہ زباں از مکالمتِ او درکشیدن قوّت نداشتم و روئے از محادثت بگردانیدن مروّت ندانستم کہ یارِ موافق بود و محبِ صادق۔

بیت

چو جنگ آوری باکسے بر ستیز | کہ ازوے گزیرت بود یا گریز

بحکمِ ضرورت سخن گفتم و تفرّج کناں بیروں رفتم در فصلِ ربیعے کہ صولتِ برد آرمیدہ بود و اوانِ دولتِ وَرد رسیدہ

قطعہ

اوّلِ اُردی بہشت ماہ جلالی | بلبل گویندہ بر منابرِ قضباں
بر گُلِ سرخ از نم اوفتادہ لآلی | ہمچو عرق بر عذارِ شاہدِ غضباں

شب را ببوستاں بایکے از دوستاں اتفاق مبیت افتاد موضعے خوش و خرّم و درختانِ دلکش و درہم گفتی کہ خردۂ مینا بر خاکش

فرو بستن : دم سادھ لینا۔ فی الجملہ : خلاصۂ کلام۔ الغرض۔ مختصر یہ کہ۔ مکالمت، محادثت : آپس میں باتیں کرنا۔ باہم گفتگو کرنا۔ محبِ صادق: سچا دوست۔ گزیر: ضروری۔ گریز: گریختن کا حاصل مصدر بمعنی بھاگنا۔ بچنا۔ یعنی جب کسی سے لڑائی لڑو تو اس امر کا خیال رکھو کہ یا تو تم اس پر غالب آجاؤ یا شکست کا اندیشہ ہو تو اس سے بچ کر نکل سکو۔ بحکم ضرورت : ضرورت کے مطابق۔ تفرج کناں : (حال ہے) سیر و تفریح کرتا ہوا۔ فصل ربیع : موسم بہار۔ صولت برد : سرما کا دبدبہ۔ اوان: زمانہ۔ ورد: پھول، گلاب کا پھول۔ دولت ورد : یعنی بہار۔ اول : آغاز۔ ابتدا۔ اردی بہشت : ارد بمعنی مانند بہشت جنت۔ مرکب سنہ جلالی کے ایک مہینہ کا نام۔ شاہ سلجوق جلال الدین کی طرف منسوب ہے۔ ایران میں آج بھی یہ مہینے جاری ہیں۔ یہ مہینہ بہار کا ہوتا جس میں زمین پھولوں کی کثرت سے جنت نظیر ہو جاتی ہے۔ مہینوں کے نام کے آخر میں ماہ لگا دیا جاتا ہے۔ جیسے فروردیں ماہ۔ آزر ماہ۔ بہمن و دے خزاں کے مہینے ہوتے ہیں۔ منابر: منبر کی جمع۔ قضباں : بالضم شاخیں۔ قضیب کی عربی جمع ہے۔ "ان" فارسی جمع کا نہیں ہے۔ نم: نمی۔ شبنم۔ لآلی: "لولو" کی جمع۔ موتی۔ عرق: پسینہ۔ عذار: بمعنی عارض۔ رخسار۔ شاہد: معشوق۔ حسین۔ غضباں: غضبناک۔ غصہ میں بھرا ہوا۔ (صفت مشبہ ہے) اتفاقِ مبیت : رات گزارنے کا اتفاق۔ درہم: گنجان۔ یعنی رات کو

ریختہ وعقدِ ثریّا از تاکش آویختہ۔

قطعہ

روضۃٌ ماءُ نہرِہا سَلسال | دَوحۃٌ سجعُ طیرِہا موزُون
آں پُر از لالہ ہائے رنگارنگ | ویں پُر از میوہ ہائے گوناگوں
باد در سایۂ درختانش | گسترانید فرشِ بوقلموں

بامداداں کہ خاطرِ باز آمدن بر رائے نشستن غالب آمد دیدمش دامنے گُل و ریحان و سنبل و ضیمراں فراہم آوردہ و آہنگِ رجوع کردہ گفتم گُلِ بوستاں را چنانکہ دانی بقائے و عہدِ گلستاں را وفائے نباشد و حکیماں گفتہ اند ہر چہ نپاید دلبستگی را نشاید گفت طریق چیست گفتم برائے نزہتِ ناظراں و فسحتِ حاضراں کتابِ گلستاں توانم تصنیف کردن کہ بادِ خزاں را بر ورقِ او دستِ تطاول نباشد و گردشِ زمانِ عیشِ ربیعش را بہ طیشِ خریف مبدّل نکند

قطعہ

بچہ کار آیدت ز گُل طبقے | از گلستانِ من ببر ورقے
گُل ہمیں پنج روز و شش باشد | ویں گلستاں ہمیشہ خوش باشد

حالے کہ من ایں حکایت بگفتم دامنِ گُل بریخت و در دامنم آویخت کہ

عقد: ہار۔ ثریا: پروین جو دانوں کی صورت میں چھوٹے ستاروں کا مجموعہ ہے۔ عقدِ ثریا سے مراد انگور کے خوشے ہیں۔ تاک: درختِ انگور۔ انگور کی بیل۔ روضۃ الخ: وہ ایسا باغ ہے، جس کی نہر کا پانی شیریں خوشگوار ہے۔ پر یہ ایسا درخت ہے جس کے پرندوں کا نغمہ موزون و عمدہ ہے۔ بوقلموں: رنگارنگ۔ بر رائے نشستن: قیام کرنے کی رائے پر۔ ریحان: ایک خوشبودار پھول۔ نازبو۔ ہر قسم کا خوشبودار پھول گلاب کے سوا۔ سنبل: ایک خوشبودار ولایتی پھول۔ اور سنبل و سنبل الطیب بالچھڑ کو کہتے ہیں ایک خوشبودار گھاس ہے۔ ضیمراں: بفتح ضاد و سکون یا و ضم میم۔ ایک قسم کا خوشبودار پھول۔ بعض نسخوں میں ضمیراں لکھا ہوا ہے۔ یعنی گلاب، نازبو، سنبل اور ضیمراں کے پھولوں کا ایک دستہ اپنے دامن میں بھر لایا۔ بامداداں: صبح کا وقت۔ الف نون زائد ہے، وقت کا معنی پیدا کرنے کے لیے بڑھاتے ہیں۔ جیسے نیم شباں۔ آدھی رات کا وقت۔ آہنگِ رجوع: واپسی کا ارادہ، لوٹنے کا ارادہ۔ ہر چہ نپاید: جو چیز پائیدار نہیں۔ قائم رہنے والی نہیں۔ نشاید: لائق نہیں۔ طریق چیست: یعنی اے سعدی! اس گفتگو سے تمہاری غرض کیا ہے؟۔

نزہت: پاکیزگی، تروتازگی، فرحت بخشی۔ فسحت: فراخی، کشادگی۔ گلستاں: پھولوں کی جگہ۔ باغیچہ۔ دستِ تطاول: ظلم کا ہاتھ۔ دست درازی۔
عیش: زندگانی۔ ربیع: موسم بہار۔ طیش: تندی و تیزی۔ خریف: موسم خزاں۔ طبق: تھالی۔ پھولوں کا ٹوکرا۔ خوش باشد: شاداب رہے گا۔
حالے کہ: جیسے ہی۔ جونہی۔ در دامنم آویخت: میرا دامن پکڑ لیا۔ مجھ سے چمٹ گیا۔ مراد ہے اصرار کرنے لگا۔

الکریم الخ: شریف آدمی جب وعدہ کرتا ہے تو اسے پورا کرتا ہے۔ فصل: پارۂ از کلام۔ ایک طرح کے مطالب پر مشتمل مضمون۔ یہاں باب کے تحت چند

اَلکریم اذا وعد وفیٰ فصلے دو ہماں روز اتفاق بیاض افتادہ در حسن معاشرت و آداب محاورت در لباسے کہ متکلماں را بکار آید و مترسلاں را بلاغت افزاید فی الجملہ ہنوز از گلستاں بقیتے ماندہ بود کہ کتاب گلستاں تمام شد واللہ اعلم واحکم بالصواب

ذکر پادشاہزادۂ جہاں سعد بن ابی بکر بن سعد نور اللہ قبرہ

و تمام آنگہ شود بحقیقت کہ پسندیدہ آید در بارگاہ جہاں پناہ سایۂ کردگار پرتو لطف پروردگار ذخر زماں و کہف اماں المؤید من السماء المنصور علی الاعداء عضد الدولۃ القاہرۃ سراج الملۃ الباہرۃ جمال الانام مفخر الاسلام سعد بن الاتابک الاعظم شہنشاہ المعظم مالک رقاب الامم مولی ملوک العرب والعجم سلطان البر والبحر وارث ملک سلیمان مظفر الدین ابوبکر بن سعد بن زنگی ادام اللہ اقبالہما وضاعف اجلالہما وجعل الی کل خیر مآلہما بکرشمۂ لطف خداوندی مطالعہ فرماید

قطعہ

گر التفات خداوندیش بیاراید | نگارخانۂ چینی و نقش ارژنگیست

حکایات لکھنے سے عبارت ہے۔ ہماں روز: اسی دن۔ اتفاق بیاض افتاد: یعنی صاف صاف لکھ ڈالا۔ بیاض: سفیدی۔ مسودہ کو صاف کرکے لکھنا۔ حسن معاشرت: رہن سہن کی خوبی۔ مل جل کر رہنے کی خوبی یعنی اچھائی کے ساتھ مل جل کر زندگی گزارنے کے بیان میں۔ آداب: ادب کی جمع۔ طریقے۔ سلیقے۔ محاورت: گفتگو۔ آداب محاورت: بات چیت کا سلیقہ۔ لباس: مراد طرز اور انداز ہے۔ متکلماں: کلام کرنے والے مراد علماء ہیں۔ مترسلاں: خط و کتابت کرانے والے مراد انشاء پردازی کرنے والے اور درباری کاتبین ہیں۔ فی الجملہ...الخ: یعنی مختصر یہ کہ موسم گل ابھی ختم بھی نہ ہوا تھا کہ گلستاں کتاب کی تصنیف مکمل ہو گئی۔ واللہ اعلم...الخ: اور اللہ ہی درست جاننے والا اور حکم دینے والا ہے۔ نور اللہ قبرہ: اللہ تعالیٰ اس کی قبر کو روشن کرے۔ تمام آنگہ شود الخ: یعنی گلستاں کتاب ظاہر میں اگرچہ مکمل ہو گئی مگر حقیقت میں مکمل اس وقت سمجھی جائے گی جب بادشاہ اس کو پسند کرے۔ اور شہزادہ بلطف خداوندی اس کا مطالعہ کرے۔ دربار گاہ جہاں: یہاں سے "مفخر الاسلام" تک سعد بن اتابک شہزادہ کی تعریف ہے اور "الاتابک الاعظم" سے "مظفر الدین" تک ابوبکر بادشاہ کی تعریف ہے جو سعد کا باپ ہے۔ ذخر زماں: مبتدا ہے اور بکرشمۂ الخ اس کی خبر ہے۔ ذخر: ذخیرہ۔ کہف: غار۔ کہف اماں: امن و امان کی پناہ گاہ۔ المؤید: تائید یافتہ۔ المنصور علی الاعداء۔ دشمنوں پر فتحیاب۔ عضد الدولۃ القاہرۃ: زبردست سلطنت کا قوت بازو۔ سراج الملۃ الباہرۃ: روشن مذہب کا چراغ۔ جمال الانام: مخلوق کی زینت م۔ مفخر الاسلام: اسلام کے لیے باعث فخر۔ الاتابک الاعظم: بڑا اتالیق واستاذ۔ المعظم: باعظمت۔ مالک رقاب الامم: قوموں کی گردنوں کا مالک۔ یعنی سب کا آقا۔ مولی ملوک العرب والعجم: عرب و عجم کے بادشاہوں کا آقا۔ سلطان البر والبحر: خشکی و تری کا بادشاہ۔ وارث ملک سلیماں: سلیمان علیہ السلام کے ملک کا وارث۔ مظفر الدین والدنیا: دین و دنیا میں کامیاب۔ ادام اللہ اقبالہما: اللہ تعالیٰ ان دونوں کا اقبال سدا برقرار رکھے۔ ضاعف اجلالہما: ان دونوں کی بڑائی دوگنی کرے۔ وجعل الی کل خیر مآلہما۔ اور ہر بہتری کو ان کا انجام کار بنائے۔ کرشمہ: اشارۂ چشم و ابرو، آنکھ کی جھپکی۔ ادائے محبوبانہ۔ اعجاز۔ کرامت۔ لطف خداوندی: کرم شاہی۔ نگارخانۂ چینی: چین کے تصویر [illegible]

امید ہست کہ روئے ملال درنکشد | ازیں سخن کہ گلستان نہ جائے دلتنگیست
علی الخصوص کہ دیباچہ ہمایونش | بنامِ سعدِ ابوبکرِ سعد بن زنگیست

ذکرِ امیرِ کبیر فخر الدین ابی بکر بن ابی نصر اطال اللہ عمرہٗ

دیگر عروسِ فکرِ من از بے جمالی سر برنیارد و دیدۂ یاس از پشتِ پائے خجالت برندارد و در زمرۂ صاحب نظراں متجلی نشود مگر آنگہ کہ متحلی گردد بزیورِ قبولِ امیرِ کبیر عالم عادل مظفّر و منصور ظہیرِ سریرِ سلطنت مشیرِ تدبیرِ مملکت کہفُ الفقرَا ملاذُ الغربَا مُربی الفضلَا مُحبُّ الاتقیا افتخارِ آلِ پارس یمینُ المُلک مَلِکُ الخَوَاصّ باربک فخرُ الدّولۃِ والدّین غیاثُ الاِسلامِ والمُسلمین عُمدۃُ المُلوک والسّلاطین ابی بکر بن ابی نصر اَطالَ اللہُ عُمرَہٗ واَجلَّ قدرَہٗ وشرحَ صدرَہٗ وضاعفَ اَجرَہٗ کہ ممدوحِ اکابرِ آفاق ست ومجموعِ مکارمِ اخلاق

شعر

ہر کہ در سایۂ عنایتِ اوست | گنہش طاعتست و دشمن دوست
برہریک از سائرِ بندگاں وحواشی خدمتے متعیّن ست کہ اگر در ادائے

سونا بنانے کا فن جاننے والا۔ خرابہ: ویرانہ۔ گنج: زیرزمین دفن شدہ خزانہ۔ بے تمیز: بے عقل۔ ارجمند: صاحب مرتبہ، اقبال مند۔ خوار: ذلیل، کم رتبہ۔ حکایت ۴۰: اس کا حاصل یہ ہے کہ بلاغور و فکر کسی کو سزا نہیں دینا چاہیے ورنہ افسوس ہوسکتا ہے۔ جلد بازی اور غصہ میں کیا ہوا فیصلہ نادرست ہوسکتا ہے۔ کنیزک: "ک" برائے تصغیر ہے۔ کمسن باندی یا چھوٹے جسم و جثہ کی باندی۔ چینی: ملک چین کی رہنے والی۔ ایک نسخہ میں یہاں "بیغما آوردند" ہے یعنی غارت کردہ۔ جمع آید: یعنی مباشرت کرے۔ سیاہ: حبشی غلام۔

بخشید کہ لب زبرینش از پرۂ بینی درگذشتہ بود وزیرینش بگریباں
فروہشتہ ہیکلے کہ صخرِ جنّی از طلعتِ او برمیدے وعینُ القطر از
بغلش بچکیدے

فرد

توگوئی تا قیامت زشت روئی | بروختم ست وبر یوسف نکوئی

قطعہ

شخصے نہ چناں کریہ منظر | کز زشتیِ او خبر تواں داد
وانگہ بغلش نعوذ باللہ | مُردار بآفتاب مرداد

آوردہ اند کہ دراں مدت سیاہ را نفس طالب بود وشہوت غالب
مہرش بجنبید مُہرش برداشت بامدادان کہ مَلِک کنیزک را جست
ونیافت حکایت بگفتندش خشم بگرفت وفرمود تا سیاہ را باکنیزک
استوار ببندند واز بامِ جوسق بقعرِ خندق دراندازند یکے از وزراء
نیک محضر روئے شفاعت بر زمین نہاد وگفت سیاہ بیچارہ را
دریں خطائے نیست کہ سائر بندگان بنوازشِ خداوندی مُتعوّد اند
گفت اگر در مفاوضتِ او شبے تاخیر کردے چہ شدے کہ من اورا
افزوں تراز بہائے کنیزک بدادمے گفت اے خداوندا آنچہ فرمودی

لب: ہونٹ۔ زبریں: اوپر والا۔ پرّہ: کنارہ۔ زیریں: مراد لب زیریں، نچلا ہونٹ۔ گریباں: مرکب ہے گری اور بان سے۔ مراد گلا، گردن۔ فروہشتہ: یعنی گریبان تک لٹکا ہوا تھا۔ ہیکل: (ہیبت ناک) بڑا جثہ۔ ڈیل ڈول۔ صخر: اس دیو کا نام جس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ اس نے حضرت سلیمان علیہ السلام کی انگشتری چرالی تھی۔ جنّی: قوم جن کا ایک فرد۔ از طلعتِ او برمیدے: اس کی شکل وصورت دیکھ کر بھاگ جاتا۔ عین القطر: تارکول کا چشمہ۔ پسینے کی بدبو اور سیاہی کی وجہ سے اس کو تارکول سے تشبیہ دیا۔ زشت روئی: بدصورتی۔ بروختم شد: اسی پر ختم ہوگئی۔ یعنی اس سے بڑھ کر بدصورت کوئی نہیں۔ کریہ منظر: بدصورت، بدشکل۔ کز زشتی او خبر نتواں داد: یعنی اس کی بدصورتی بیان نہیں کی جاسکتی۔ وانگہ بغلش ...الخ: اور پھر اس پر اس کی بغل۔ خدا کی پناہ جیسے ماہ مرداد کی دھوپ میں مردار سڑ رہا ہو۔ (اور سخت بدبو کر رہا ہو) یہ تشبیہ مفرد بہ مرکب ہے۔ آفتاب مرداد: وہ مدت مراد ہے جس میں آفتاب برج اسد میں رہتا ہے۔ مرداد کے مہینے میں ایران کے اندر ایسی سڑی گرمی پڑتی ہے جیسے ہندوستان نے اندر بھادوں/ستمبر کے مہینے میں کہ ہر چیز جلد سڑ جاتی ہے۔ مہرش بجنبید: یعنی اس کی محبت نے جوش مارا۔ مُہرش برداشت: اس کے کنوارپن کی مُہر توڑ ڈالی (اس کے ساتھ جماع کر کے کنوارپن ختم کیا) استوار بہ بندند: مضبوط باندھیں۔ جوسق: (بالفتح) کوشک کا معرب ہے۔ قصر، قلعہ۔ قعر: گہرائی۔ خندق: کھائی۔ نیک محضر: نیک سرشت، خیراندیش۔ سائر: تمام۔ متعوّد: عادی، خوگر۔ مفاوضت: ایک دوسرے کو سپرد کرنا، لین دین یعنی ہم بستری۔ افزوں تراز بہائے کنیزک: یعنی موجودہ کنیز سے زیادہ قیمتی میں عطا کرتا۔

معلوم ست لیکن نشنیدی کہ حکما گفتہ اند دریں معنی

قطعہ

تشنۂ سوختہ بر چشمۂ حیواں چو رسد | تو مپندار کہ از پیلِ دماں اندیشد
ملحدِ گرسنہ در خانۂ خالی بر خوان | عقل باور نکند کز رمضاں اندیشد

مَلِک را ایں لطیفہ پسند آمد و گفت اکنوں سیاہ را تو بخشیدم کنیز را چہ کنم گفت کنیزک را ہم بسیاہ بخش کہ نیم خوردہ سگ ہم اورا شاید

قطعہ

ہر گز او را بدوستی مپسند | کہ رود جائے ناپسندیدہ
تشنہ را دل نخواہد آبِ زلال | نیم خوردہ دہانِ گندیدہ

حکایت (۴۱) اسکندرِ رومی را پرسیدند کہ دیارِ مشرق و مغرب را بچہ گرفتی کہ ملوکِ پیشیں را خزائن و عمر و مُلک و لشکر بیش ازیں بود و چنیں فتحے میسر نشد گفت بعونِ اللہ عزّ و جلّ ہر مملکتے را کہ بگرفتم رعیتش را نیازردم و رسومِ خیراتِ گذشتگاں باطل نہ کردم و نامِ پادشاہاں جز بہ نکوئی نبردم

بیت

بزرگش نخوانند اہلِ خرد | کہ نامِ بزرگاں بزشتی برد

تشنۂ سوختہ: بدحال پیاسا، دل جلا پیاسا۔ چشمۂ حیواں: آبِ حیات کا چشمہ۔ مشہور ہے کہ اسکا پانی پینے والا کبھی مرتا نہیں۔ پیلِ دماں: مست و غضبناک ہاتھی۔ مُلحِد: بے دین، راہ حق سے برگشتہ۔ جمع ملاحدہ۔ گرسنہ: بھوکا۔ خوان: طباق، دسترخوان یہاں "بر" کی جگہ "پُر" بھی بتایا گیا ہے۔ تب تو خالی اور پُر کے درمیان تقابل تضاد سے پُر صنعت لطف سے خالی نہیں۔ نیم خوردۂ سگ: یعنی کتے کا جوٹھا کتے ہی کو مناسب ہے۔ آبِ زلال: میٹھا پانی، ستھرا ہوا پانی۔ دہانِ گندیدہ: بمعنی گندہ دہن۔ بدبودار منہ والا۔ جس کے منہ میں گندگی لگی ہو۔ شعر کا معنی: پیاسے کا دل ہرگز قبول نہیں کرے گا کہ وہ کسی گندہ دہن شخص کا جھوٹا میٹھا پانی پئے۔

حکایت ۴۱: اس کا حاصل یہ ہے کہ گذشتہ بادشاہوں اور بزرگوں کا تذکرہ نیکی و بھلائی کے ساتھ کرنا چاہیے۔

اسکندر رومی: روم کا مشہور بادشاہ۔ پسر فیلقوس: بعض اس کو ذوالقرنین سمجھتے ہیں۔ لیکن ذوالقرنین اکبر کہ خضر علیہ السلام جن کے زمانے میں تھے وہ دوسرے ہیں۔ اور قرآن کریم میں ان کے احوال مذکور ہیں۔ ان دونوں کے زمانوں میں بہت فاصلہ ہے ان کی تاریخ بھی الگ ہے۔ دیارِ مشرق و مغرب: مشرق و مغرب کے ملک۔ بچہ گرفتی: کس طرح آپ نے فتح کرلیا۔ ملوک: واحد مَلِک، بادشاہ۔ پیشیں: اگلے۔ خزائن: واحد خزینہ، خزانہ۔ بعون اللہ عزّ و جلّ: خدائے عزّ و جلّ کی مدد سے۔ رُسوم: واحد رَسم، طریقہ، رواج، عادت۔ خیرات: نیکی، بھلائی۔ گزشتگاں: گئے گزرے لوگ۔ بزشتی برد: یعنی جو بزرگوں کا نام برائی سے لیتا ہے۔ جز بہ نکوئی نبردم: تاکہ ان کے باقیماندہ رفقاء مجھ سے خوش رہیں اور تنفر نہ کریں

قطعه

این همه هیچ ست چوں می بگذرد | بخت و تخت و امر و نہی و گیر و دار
نامِ نیکِ رفتگاں ضائع مکن | تا بماند نامِ نیکت برقرار

بابِ دوم در اخلاقِ درویشاں

حکایت (۱) یکے از بزرگاں گفت پارسائی را چه گوئی در حقِ فلاں عابد که دیگراں در حقِ وے بطعنه سخن ها گفته اند گفت بر ظاہرش عیب نمی بینم و در باطنش غیب نمی دانم۔

قطعه

ہر کہ را جامہ پارسا بینی | پارسا دان و نیکمرد انگار
ور ندانی کہ در نہانش چیست | محتسب را درونِ خانہ چہ کار

حکایت (۲) درویشے را دیدم کہ سر بر آستانِ کعبہ می مالید و می نالید و می گفت کہ یا غفور یا رحیم تو دانی کہ از ظلوم و جہول چہ آید

قطعه

عذرِ تقصیرِ خدمت آوردم | کہ ندارم بطاعت استظہار

این ہمہ: اس سے مراد دوسرے مصرع میں مذکور چیزیں ہیں۔ امر و نہی: حکم و منع۔ گیر و دار: دونوں صیغۂ امر ہیں۔ پکڑ دھکڑ۔ ہنگام حکومت استعمال میں آنے والے الفاظ ہیں اور کر و فر سے کنایہ ہے۔ حکومت و ریاست۔ رفتگاں: گزرے ہوئے لوگ۔ اخلاق: واحد خُلق، عادت، خصلت، سیرت، آداب۔ حکایت ۱: اس کا حاصل یہ ہے کہ درویشوں کی شان یہ ہے کہ وہ دوسروں کے حق میں بدگمانیاں قائم نہ کریں اگر چہ دوسرے لوگ بدگمانی کریں۔ پارسا: پرہیزگار، مرکب ہے پارس مرادف پاس بمعنی محافظ اور الف فاعلی سے معنی ہوئے پاسدار۔ چونکہ یہ شخص منہیاتِ شرع سے اپنے نفس کی نگہداشت رکھتا ہے اس لیے پارسا سے موسوم کرتے ہیں۔ عابد: عبادت گزار۔ و در باطنش غیب نمی دانم: میں اس کے باطن سے خبردار نہیں ہوں کہ میں غیب داں نہیں۔ یعنی باطنی احوال غیب ہیں۔ جامہ پارسا: یعنی جامۂ کہ پارسایاں را باشد، پارسا لوگوں جیسا کپڑا۔ یا اضافت مقلوبی ہے یعنی پارسا جامہ۔ انگار: فعل امر ہے۔ سمجھو، شمار کرو۔ ور ندانی...الخ: اس کی جزا محذوف ہے یعنی کرید نہ کرو۔ محتسب: خلاف شرع کاموں پر مواخذہ کرنے والا (زمانہ قدیم میں ایک بااختیار عہدیدار ہوتا تھا)۔ حکایت ۲: حاصل یہ ہے کہ عبادت کا مقصود محض خوشنودی خداوندی ہونی چاہیے۔ حصول جنت اپنا مقصود نہ بنانا چاہیے۔ آستانِ کعبہ: خانہ کعبہ کی چوکھٹ، (ہوسکتا ہے کہ مراد کعبہ کی روبروئی ہو کیوں کہ آستانِ کعبہ اتنی بلندی پر ہے کہ کسی کا اس پر سر رکھ کر سجدہ گزارنا آسان نہیں)۔ درویش: فقیر محتاج۔ یہ اصل میں درویز تھا۔ جس کی اصل در آویز بمعنی دروازہ سے چمٹنے لپٹنے والا۔ پھر زا کو شین سے بدل دیا۔ خدا کے در سے چمٹنے والا، درویش کامل ہے۔ ظلوم: جہول: ان دونوں لفظوں سے آیت کی طرف اشارہ ہے جس میں انسان کو ظلوم و جہول بتایا گیا ہے۔ آیت یہ ہے إِنَّا عَرَضْنَا الْأَمَانَةَ عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَالْجِبَالِ فَأَبَيْنَ أَنْ يَحْمِلْنَهَا وَأَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْإِنْسَانُ إِنَّهُ كَانَ ظَلُومًا جَهُولًا۔ ترجمہ: بے شک ہم نے امانت پیش فرمائی آسمانوں اور زمین اور پہاڑوں پر تو انھوں نے اس کے اٹھانے سے انکار کیا اور اس سے ڈر گئے اور آدمی نے اٹھالی بے شک وہ اپنی جان کو مشقت میں ڈالنے والا بڑا نادان ہے۔ احزاب آیت ۷۲

عاصیاں: یعنی (طریقہ ہے کہ) گناہ گار اپنے گناہوں سے توبہ کرتے ہیں اور خدا شناس اللہ والے عبادت کر کے بھی مغفرت طلب کرتے ہیں (کہ ہم کما حقہ تیری عبادت نہ کر سکے)

عاصیاں ازگناہ توبہ کنند | عارفاں از عبادت استغفار

عابداں جزائے طاعت خواہند و بازرگاناں بہائے بضاعت من

بندہ امید آوردہ ام نہ طاعت بدریوزہ آمدہ ام نہ بتجارت فقرہ

اِصْنَعْ بِنَا مَا اَنْتَ اَہْلُہٗ وَلَا تَفْعَلْ بِنَا مَا نَحْنُ بِاَہْلِہٖ

بیت

گر کشی ور جرم بخشی روی و سر بر آستانم | بندہ را فرمان نباشد ہرچہ فرمائی برانم

قطعہ

بر درِ کعبہ سائلے دیدم | کہ ہمی گفت و میگرستے خوش

می نگویم کہ طاعتم بپذیر | قلم عفو بر گناہم کش

حکایت (۳) عبد القادر گیلانی را دیدند رحمۃ اللہ علیہ در حرم کعبہ روی بر حصا نہادہ بود و میگفت اے خداوند ببخشای و اگر مستوجب عقوبتم مرا روزِ قیامت نابینا برانگیز تا در روئے نیکاں شرمسار نباشم

قطعہ

روی بر خاکِ عجز میگویم | ہر سحر گہ کہ باد می آید

اے کہ ہرگز فراموشت نکنم | ہیچت از بندہ یاد می آید

عابداں: عبادت کرنے والے۔ جزائے طاعت: بندگی کا ثواب۔ بازرگاناں: واحد بازرگان، سوداگر۔ بہا: قیمت، دام۔ بضاعت: سرمایہ، پونجی، مال تجارت۔ بندہ: ضمیر واحد متکلم کی جگہ بولتے ہیں بمعنی "میں"۔ دریوزہ: گدائی، خواستگاری، یعنی میں سائل بن کر مانگنے آیا ہوں۔ فقرہ: نثری کلام کا ایک ٹکڑا۔ اِصنع ... الخ: ہمارے ساتھ وہ کر جو تیرے شایان شان ہے وہ مت کر جس کے ہم سزاوار ہیں۔ برآنم: پورا کروں گا۔ سائل: سوال کرنے والا، مانگنے والا۔ می گرستے خوش: (بفتح خاء جس میں ضمہ کی بو آئے) بہت رو رہا تھا، زار و قطار رو رہا تھا۔ حکایت ۳: خلاصہ یہ ہے کہ عبادت گزاروں کو اپنی عبادت پر مغرور نہیں ہونا چاہیے بلکہ ہمیشہ فضل الٰہی کا طلبگار بن کر اسی پر بھروسہ کرنا چاہیے۔ عبد القادر گیلانی: آپ سرتاج اولیا ہیں۔ مرتبہ غوثیت پر فائز ہیں ان کا قدم تمام اولیاء اللہ کی گردنوں پر ہے۔ جامع الفضائل والکمالات ہیں۔ کرامتیں مشہور انام ہیں۔ غوث اعظم آپ کا لقب ہے سارے عالم کی دستگیری فرماتے ہیں۔ اجلِ سادات سے ہیں۔ شہر جیلان کے سادات گھرانے میں رمضان ۴۷۰ھ یا ۴۷۱ھ کو پیدا ہوئے ۱۸ سال کی عمر میں بغداد آئے اور ۹ ربیع الآخر ۵۶۱ھ کو وصال فرمایا۔ بغداد میں ان کا مزار مرجع خلائق ہے۔ در حرم کعبہ: سرکار غوث اعظم نے پہلا حج ۵۰۹ھ میں کیا۔ حصا: حصاۃ کی جمع ہے۔ مستوجب: حقدار۔ عقوبتم: یعنی عقوبت ہستم۔ نابینا: اندھا۔

حکایت ۴: اس حکایت کا حاصل یہ کہ درویشوں کو اپنے بدخواہوں کے ساتھ بھی حسنِ معاملت سے پیش آنا چاہیے اور جلوت وخلوت میں یکساں برتاؤ

حکایت (۴) دزدے بخانۂ پارسائے درآمد چندانکہ طلب کرد چیزے نیافت دل تنگ شد پارسا را خبر شد گلیمے کہ برآں خفتہ بود در راہِ دزد انداخت تا محروم نشود **قطعہ**

شنیدم کہ مردانِ راہِ خدا | دلِ دشمناں را نکردند تنگ
ترا کے میسر شود ایں مقام | کہ با دوستانت خلافست و جنگ

مودّتِ اہلِ صفا چہ در روی وچہ در قفا نہ چناں کہ از پست عیب گیرند و در پیشت میرند

فرد

در برابر چو گوسپندِ سلیم | در قفا ہمچو گرگِ مردم در

فرد

ہر کہ عیبِ دگراں پیشِ تو آورد و شمرد | بیگماں عیبِ تو پیشِ دگراں خواہد برد

حکایت (۵) تنے چند از روندگاں متفقِ سیاحت بودند و شریکِ رنج وراحت خواستم کہ مرافقت کنم موافقت نکردند گفتم ایں از کرمِ اخلاقِ بزرگاں بدیع ست روی از مصاحبتِ درویشاں بگردانیدن و فائدہ دریغ داشتن کہ من در نفسِ خویش ایں قدر قوت و سرعت ہمی شناسم کہ در خدمتِ مرداں یارِ شاطر باشم نہ بارِ خاطر

اور غیبت کرنے اور سننے سے پرہیز کرنا چاہیے۔
دزد: چور۔ پارسا: پرہیزگار۔
درآمد: داخل ہوا۔ دل تنگ شدن: رنجیدہ خاطر ہونا۔
گلیم: کمبل۔ کہ بادوستانت الخ: کہ تمہارا تو دوستوں سے بھی اختلاف وجنگ ہے۔
مودّت: محبت، دوستی۔ اہل صفا: پاک باطن۔ چہ در روی: خواہ سامنے۔ چہ در قفا: خواہ پیٹھ پیچھے۔ یعنی دونوں حال میں برابر ہے۔ پست: پس اور "ت" ضمیر مضاف الیہ۔ یعنی تیرے پیٹھ پیچھے۔
درپیشت میرند: یعنی سامنے مرنے کے لیے تیار ہوں (خوب محبت ظاہر کریں)۔ دربرابر: سامنے۔
سلیم: سیدھی سادھی۔
مردم در: دریدن سے اسم فاعل مرکب ہے۔ لوگوں کو پھاڑنے والا۔ مردم خور۔
حکایت ۵: اس کا حاصل یہ ہے کہ درویشوں کا طریقہ ہے کہ جس کا ظاہر نیک ہو اسے نیک سمجھتے ہیں اور اصلاح باطن کی طرف متوجہ رہتے ہیں۔
روندگاں: راہ سلوک چلنے والے۔ اہل تصوف۔
سیاحت: سیر و سفر کرنا۔
مرافقت: ہمراہ ہونا۔
موافقت نہ کروند: انھوں نے قبول نہ کیا۔ بدیع: انوکھا۔ دریغ داشتن: روک رکھنا۔ سرعت: تیزی۔ شاطر: چست وچالاک۔
نہ بارِ خاطر: یعنی نہ کہ دل کا بوجھ بنوں۔

شعر

اِنْ لَّمْ اَکُنْ رَاکِبَ الْمَوَاشِیْ | اَسْعٰی لَکُمْ حَامِلَ الْغَوَاشِیْ

یکے ازاں میاں گفت ازیں سخن کہ شنیدی دلتنگ مدار کہ دریں روزہا دزدے بصورتِ درویشاں برآمدہ بود خود را در سلکِ صحبتِ ما منتظم کرد

شعر

چہ دانند مردم کہ در جامہ کیست | نویسندہ داند کہ در نامہ چیست

ازانجا کہ سلامت حالِ درویشاں ست گمانِ فضولش نبردند و بیاری قبولش کردند

مثنوی

صورتِ حالِ عارفاں دلق ست | اینقدر بس چو روی در خلق ست

در عمل کوش ہر چہ خواہی پوش | تاج بر سر نہ و عَلَم بر دوش

ترکِ دنیا و شہوت ست و ہوس | پارسائی نہ ترکِ جامہ و بس

در قزاگند مرد باید بود | بر مخنث سلاحِ جنگ چہ سود

روزے تا بشب رفتہ بودیم و شبانگہ در پائے حصارے خفتہ کہ دزدِ بے توفیق ابریقِ رفیق برداشت کہ بطہارت میروم و بغارت میرفت

فرد

پارسا بیں کہ خرقہ در بر کرد | جامۂ کعبہ را جُلِ خر کرد

مواشی: ماشیہ کی جمع ہے چلنے والا مراد سواری کا جانور۔ غواشی: غاشیہ کی جمع زین پوش مراد اسباب ہیں۔ اِنْ لَّمْ اَکُنْ ...الخ: یعنی اگر چہ میں سواری کے جانور پر سوار نہیں ہوں لیکن میں آپ کے زین پوش یعنی اسباب ڈھونے کی کوشش کروں گا۔ سِلک: لڑی۔ منتظم: منسلک۔ در جامہ کیست: کپڑے میں کون ہے (خوش بخت یا بد بخت)۔ در نامہ چیست: خط کا مضمون لکھنے والا جانتا ہے کہ کیا ہے؟۔ فضول: بیہودہ ہونا۔ عارفاں: اہل معرفت۔ اللہ والے۔ دلق: گدڑی، یعنی اللہ والوں کی ظاہری علامت گدڑی پہننا ہے۔ اینقدر بس... الخ: جب مخلوق میں رونمائی اور دکھاوا مقصود ہو تو اتنا ہی کافی ہے۔ در عمل کوش: ان دو شعروں سے ہدایت کرتے ہیں کہ کردار و عمل کی پاکیزگی وطہارت ضروری ہے۔ لباس چاہے جیسا بھی کوئی پہنے۔ اور کوئی بھی وضع اختیار کرے۔ نہ: نہادن سے فعل امر۔ عَلَم: پرچم۔ قزاگند: مرکب ہے قز بمعنی ریشم اور آگند بمعنی پر سے۔ معنی: وہ لباس جو کچے ریشم سے موٹا موٹا بنا ہوا ہو جسے جنگ کے موقعوں پر پہنا جاتا ہے تاکہ تلوار اور نیزہ اثر نہ کرے۔ یعنی جوانمرد کو میدان جنگ کے سپاہیانہ لباس میں ہونا چاہیے۔ نامردوں پر جنگ کے ہتھیار سجانے سے کوئی فائدہ نہیں۔ مخنث: ہجڑا، نامرد۔ سلاح: ہتھیار۔ سود: فائدہ۔ در پائے حصار: شہر پناہ کی جڑ میں۔ بے توفیق: نامراد۔ ابریق: آبریز کا معرب ... جُل: جھول۔ پالان۔ پارسا: وہی چور مراد ہے جو بصورت پارسا تھا۔ پارسائی کے

برج: شہر پناہ کا چھوٹا گنبد، یعنی اوپر گیا۔ درج: ڈبیہ، سنگار دان جس میں عورتیں زیور، ہار، موتی اور جواہر رکھتی ہیں۔ تاریک رو: یعنی وہی چور۔

چندانکه از درویشاں غائب شد برجے برفت و درجے بدزدید تا روز روشن شد آں تاریک رو مبلغے راه رفته بود و رفیقانِ بیگناه خفته بامداداں ہمه را به قلعه در آوردند و بزدند و در زنداں کردند ازاں تاریخ ترکِ صحبت گفتیم و طریقِ عزلت گرفتیم اَلسَّلَامَةُ فِی الْوَحْدَةِ

قطعه

چو از قومے یکے بیدانشی کرد | نه کِه را منزلت ماند نه مِه را

نمی بینی که گاوے در علف زار | بیالاید ہمه گاوانِ دِه را

گفتم سپاس و منت خدائے عزّوجلّ را که از فوائدِ درویشاں محروم نماندم اگرچه بصورت از صحبت جدا افتادم بدیں حکایت که گفتی مستفید گشتم و امثالِ مرا ہمه عمر ایں نصیحت بکار آید

مثنوی

بیک ناتراشیده در مجلسے | برنجد دلِ ہوشمنداں بسے

اگر برکه پر کنند از گلاب | سگے در وے افتد کند منجلاب

حکایت

زاہدے مہمانِ پادشاہے بود چوں بطعام بنشستند کمتر ازاں خورد که ارادتِ او بود و چوں بنماز برخاستند بیشتر ازاں

مبلغ: مقدار و بمعنی بسیار۔ زندان: قید خانہ۔ عزلت: تنہائی، گوشہ نشینی۔ السَّلَامَةُ فِی الْوَحْدَةِ: سلامتی تنہائی میں ہے۔ بیدانشی: بے عقلی، بیوقوفی۔ کِہ: چھوٹا۔ مِہ: بڑا۔ علف زار: سبزہ زار۔ آلاید: آلودہ کر دیتی ہے۔ دِہ: دیہات، گاؤں، یعنی اگر ایک گائے کھیت کھا لیتی ہے تو اس گناہ میں گاؤں کی ساری گائیں آلودہ سمجھی جاتی ہیں۔ سپاس: شکر۔ منّت: احسان۔ فوائد: فائدہ کی جمع۔ یعنی درویشوں کی نصیحت کہ ہر شخص کی مرافقت نہیں کرنی چاہیے۔ نماندم: یعنی معلوم ہوا کہ اجنبیوں کی رفاقت ناروا ہے۔ مستفید: فائدہ حاصل کرنے والا۔ جدا افتادم: اور ایک نسخہ میں اس کی جگہ ہے "وحید شدم"۔ ناتراشیدہ: بے ادب، ناہموار۔ برکہ: چھوٹا حوض۔ منجلاب: مرکب ہے منجل اور آب سے۔ چو بچہ۔ گندے پانی کا گڈھا، یعنی اگر ایک غیر مہذب شخص مجلس میں شریک ہو جائے تو اس کی نااہلی کے سبب بہت سے صاحبانِ ہوش و خرد کے دل رنجیدہ و ملول ہو جاتے ہیں۔ اور مجلس کا لطف خاک میں مل جاتا ہے۔ جس طرح گلاب کے حوض میں اگر کتا گر جائے تو وہ چو بچہ بن جائے گا۔ حکایت ۶: حاصل یہ ہے کہ درویشوں کے لیے ریاکاری زیبا نہیں۔ یہ دنیا کی رسوائی اور عذاب آخرت کا سبب ہے۔ زاہد: دنیاوی جاہ و منال سے بے رغبت، تارکِ دنیا۔ ارادت: ارادہ۔

گذارد کہ عادتِ او بود تا ظنِ صلاح در حقِ وے زیادت کنند

فرد

ترسم نرسی بہ کعبہ اے اعرابی | کیں رہ کہ تو میروی بترکستان ست

چوں بمقامِ خود آمد سفرہ خواست تا تناول کند پسرے داشت صاحبِ فراست گفت اے پدر چرا در مجلسِ سلطان طعام نخوردی گفت در نظرِ ایشاں چیزے نخوردم کہ بکار آید گفت نماز را ہم قضا کن کہ چیزے نکردی کہ بکار آید

قطعہ

اے ہنرہا نہادہ بر کفِ دست | عیب ہا برگرفتہ زیرِ بغل
تا چہ خواہی خریدن اے مغرور | روزِ درماندگی بسیمِ دَغل

حکایت (۷) یاد دارم کہ در ایامِ طفولیت متعبد بودم و شب خیز و مولعِ زہد و پرہیز تا شبے در خدمتِ پدر رحمۃ اللہ علیہ نشستہ بودم وہمہ شب دیدہ برہم نہ بستہ و مصحفِ عزیز در کنار گرفتہ و طائفہ گردِ ما خفتہ پدر را گفتم ازیں جماعت یکے سر برنمی دارد کہ دوگانہ بگذارد چناں خفتہ اند کہ گوئی مردہ اند گفت اے جانِ پدر اگر تو نیز بخفتی ازاں بہ کہ در پوستینِ خلق افتی۔

گزاردن: ادا کرنا۔ یہ لفظ ذال سے ادا کرنے کے معنی میں صحیح نہیں اس کا معنی چھوڑنا ہے۔ اعرابی: دیہات کا رہنے والا، گنوار۔ بہ ترکستان است: یعنی غلط روی سے منزلِ مقصود حاصل نہ ہوگی۔ سُفرہ: دسترخوان۔ تناول کردن: کھانا۔ فراست: دانائی۔ تا بکار آید: تا کہ کام آئے اور میرے حق میں اس کی عقیدت بڑھ جائے۔ چیزے نہ کردی: یعنی تو نے ایسا کام نہ کیا جو آخرت میں کام آسکے۔ اے ہنرہا... الخ: اے وہ شخص کہ ہنر ہاتھ پر رکھے دکھاتا پھر رہا ہے اور برائیاں چھپائے ہوئے ہے۔ مغرور: فریب خوردہ۔ سیم دغل: کھوٹی چاندی۔ حکایت ۷: اس حکایت کا حاصل یہ ہے کہ اپنی عبادت گزاری اور شب خیزی پر مغرور ہوکر دوسروں کو حقیر نہ سمجھنا چاہیے۔ ایام: یوم کی جمع، مراد زمانہ ہے۔ طفولیت: بچپن۔ متعبد: عبادت گزار۔ شب خیز: رات کو اٹھنے والا۔ مراد تہجد گزار۔ مولع: شیدا۔ زہد: ترکِ دنیا۔ پدر رحمۃ اللہ علیہ: شیخ سعدی کے والد کا نام شیخ عبداللہ ہے۔ باخدا آدمی تھے۔ بیٹے کی تادیب و تربیت میں بڑے چست۔ دیدہ برہم نہ بستہ: آنکھ نہیں جھپکائی۔ مصحفِ عزیز: قرآن کریم۔ کنار: گود۔ دوگانہ: دو رکعتی نماز۔ جانِ پدر: باپ کی جان یعنی اے فرزند۔ پوستین: ... الخ: یعنی تیرا سوجانا اس سے بہتر ہے کہ تو دوسروں کی عیب جوئی میں پڑے۔

مدّعی: دعوی کرنے والا، ڈینگ مارنے والا۔ کہ دارد ... الخ: یعنی کیوں کہ خود فریبی اور تکبر کا پردہ اس کی آنکھوں پر پڑا رہتا ہے۔ چشم خدا

بینی: حق بینی کی نگاہ۔ بخشند: یعنی کارکنانِ قضا وقدر۔ یعنی اگر تجھے حق بینی کی نگاہ مل جائے تو تو کسی کو اپنے سے کمتر نہیں سمجھ سکتا۔

قطعه

نه بیند مدّعی جز خویشتن را | که دارد پردهٔ پندار در پیش
گرت چشمِ خدا بینی به بخشند | نه بینی هیچکس عاجز تر از خویش

حکایت (۸) یکے را از بزرگان بمحفلے اندر همی ستودند و در اوصافِ جمیلش مبالغت همیکردند سر بر آورد و گفت من آنم که من دانم۔

شعر

كُفِيتَ اَذًى يَا مَنْ يَعُدُّ مَحَاسِنِيْ | عَلَانِيَتِيْ هٰذَا وَلَمْ تَدْرِ بَاطِنِيْ

قطعه

شخصم بچشمِ عالمیاں خوب منظرست | وز خبثِ باطنم سرِ خجلت فگنده پیش
طاؤس را بہ نقش و نگارے کہ هست خلق | تحسین کنند او خجل از زشتِ پائے خویش

حکایت (۹) یکے از صلحائے کوهِ لبنان که مقامات او در دیارِ عرب مذکور بود و کرامات او مشهور بجامعِ دمشق در آمد بر کنارِ برکهٔ کلاسه طهارت همی ساخت پایش بلغزید و بحوض در افتاد بمشقتِ بسیار ازاں جایگه خلاص یافت چوں از نماز بپرداختند یکے از جملهٔ اصحاب گفت مرا مشکلے هست گفت آں چیست گفت یاد دارم که شیخ بر روئے

حکایت ۸: اس کا خلاصہ یہ ہے کہ اپنی تعریف سن کر پھولنا، اترانا نہیں چاہیے۔ بلکہ اپنے باطن پر نظر رکھتے ہوئے انکساری اختیار کرنا چاہیے۔ اوصافِ جمیل: عمدہ خوبیاں۔ مبالغہ کردن: بڑھا چڑھا کر تعریف کرنا۔ من آنم کہ من دانم: یعنی میں جیسا کچھ ہوں اس کو میں ہی بہتر جانتا ہوں۔ کُفِیتَ اَذًی... الخ: یعنی اے میری خوبیاں شمار کرانے والے تو نے مجھے ستانے میں حد کر دی اللہ مجھے اذیتوں سے بچائے۔ میرا ظاہر تو یہی ہے اور میرے باطن سے تو خبردار نہیں۔ خبث: برائی۔ سرِ خجلت: شرمندگی کا سر۔ یعنی میں شرمندگی سے جھکا جا رہا ہوں۔ طاؤس: مور۔ یعنی مور کے نقش ونگار کے باعث مخلوق اس کی تعریف کرتی ہے مگر خود مور اپنے پیروں کی بدنمائی پر شرمندہ ہے۔

حکایت ۹: اس کا حاصل یہ ہے کہ اللہ والوں کے مختلف مراتب ومقامات ہوتے ہیں۔ کبھی عالم بالا کی خبریں دیتے ہیں۔ کبھی اپنی ذات سے بے خبر ہوتے ہیں۔ صلحا: صالح کی جمع، نیکوکار، نیک۔ لبنان: حمص کے قریب جبل عامل کے پاس شام کا مشہور پہاڑ جو فقراء، اولیاء کا مسکن رہا ہے۔ مقامات: روحانی مراتب، عرفانی درجات۔ کرامات: کرامت کی جمع، کسی ولی کا خرقِ عادت کام۔ برکہ: حوض۔ کلاسہ: چونے اور گچ سے بنی ہوئی چیز۔ طہارت همی ساخت: وضو بنا رہے

دریائے مغرب برفت وقدمش تر نشد امروز چہ حالت بود کہ دریں قلمتے آب از ہلاک چیزے نماند شیخ سر بجیب تفکر فرو بردہ پس از تأمُّلِ بسیار سر آورد و گفت نشنیدۂ کہ سیّدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم گفت لِیْ مَعَ اللّٰہِ وَقْتٌ لَا یَسَعُنِیْ فِیْہِ مَلَکٌ مُقَرَّبٌ وَّلَا نَبِیٌّ مُرْسَلٌ ونگفت علی الدوام وقتے چنیں بودے کہ بجبرئیل ومکائیل نپرداختے ودیگر وقت باحفصہ وزینب درساختے مُشَاہَدَۃُ الْاَبْرَارِ بَیْنَ التَّجَلِّیْ وَالْاِسْتِتَارِ می نمایند ومی ربایند۔

فرد

دیداری نمائی وپرہیز میکنی	بازارِ خویش وآتشِ ماتیز میکنی

قطعہ

اُشَاہِدُ مَنْ اَہْوٰی بِغَیْرِ وَسِیْلَۃٍ	فَیَلْحَقُنِیْ شَانٌ اَضَلُّ طَرِیْقًا
یُؤَجِّجُ نَارًا ثُمَّ یُطْفِیْ بِرَشَّۃٍ	لِذَاکَ تَرَانِیْ مُحْرَقًا وَّغَرِیْقًا

مثنوی

یکے پرسید ازاں گم کردہ فرزند	کہ اے روشن گہر پیرِ خردمند
ز مصرش بوئے پیراہن شنیدی	چرا در چاہِ کنعانش ندیدی

بررُوئے دریائے مغرب: دریائے مغرب کی سطح پر۔ قلمتے آب: مراد تھوڑا پانی۔ جَیب: گریبان، سینہ۔ سر بجیب تفکر فرو بردہ: یعنی سر جھکا کر غور وفکر میں ڈوب گئے۔ سر برآورد: سر اٹھایا۔ لِیْ مَعَ اللّٰہِ ... الخ: یعنی "میرے لیے اللہ تعالیٰ کے ساتھ (قربِ الٰہی کا) ایک ایسا وقت آتا ہے جس میں نہ کسی مقرب فرشتے کی گنجائش ہوتی ہے نہ کسی نبی مرسل کی"۔ نبی کا معنی غیب کی خبر دینے والا۔ تبلیغ احکامِ الٰہی کے لیے بھیجے گئے بندے کو نبی کہتے ہیں۔ اگر کتاب وشریعت کے ساتھ بھیجا گیا تو مرسل اور رسول بھی کہتے ہیں۔ علی الدوام: ہمیشہ، ہر وقت۔ جبرئیل ومیکائیل: دونوں مقرب فرشتے ہیں۔ جبرئیل وحی لانے پر مقرر ہیں اور حضرت میکائیل ہوا اور بارش پر مقرر ہیں۔ حفصہ وزینب: دونوں ازواجِ مطہرات میں سے ہیں۔ ام المومنین حضرت حفصہ بنت عمر فاروق رضی اللہ عنہما اور ام المومنین حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا یا حضرت زینب بنت خزیمہ جن کا انتقال سرکار کی حیات ہی میں ہوگیا۔ درساختے: حسن معاملہ فرماتے۔ مُشَاہَدَۃُ الْاَبْرَارِ ... الخ: اولیاء اللہ کے لیے حق تعالیٰ کا دیدار تجلی اور روپوشی کے درمیان ہے۔ مراد یہ ہے کہ کبھی تجلی فرما کر دیدار عطا کرتا ہے اور کبھی روپوش ہو کر بےخود بناتا ہے۔ یعنی کبھی جمالِ الٰہی مستور ہوتا ہے۔ اور اولیاء اللہ دونوں حال میں مشاہدے سے سرفراز ہوتے ہیں۔ می نمایند ومی ربایند: کبھی جلوہ دکھاتے ہیں اور کبھی بیخود بناتے ہیں۔ دونوں صیغہ جمع میں فاعل اللہ تعالیٰ ہے۔ جمع کا ذکر تعظیم کے لیے ہے جیسے انا اعطینا۔ نحن اقرب وغیرہ۔ اُشَاہِدُ ... الخ: یعنی کبھی اپنے معشوق کا نظارہ بغیر واسطہ کرتا ہوں تو (اس وقت) مجھ پر ایک ایسی (بیخودی کی) کیفیت طاری ہوتی ہے کہ میں خود رفتۂ راہ ہو جاتا ہوں۔ وہ محبوب کبھی آتشِ عشق کو بھڑکا دیتا ہے پھر ایک چھینٹا ڈال کر اس کو بجھا دیتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ تم مجھ کو کبھی جلا بھنا دیکھتے ہو اور کبھی ڈوبا ہوا۔ یعنی وصال کے چھینٹے میں ڈوبا ہوا۔ گم کردۂ فرزند: یعنی حضرت یعقوب علیہ السلام۔ جن کے فرزند حضرت یوسف علیہ السلام گم ... مصرش کی ضمیر "ش" پیراہن کا مضاف الیہ ہے۔ شنیدن معنی میں بوئیدن کے ہے۔ آیت کریمہ

بگفت احوالِ ما برقِ جہان ست / دمے پیدا و دیگر دم نہان ست
گہے بر طارمِ اعلیٰ نشینم / گہے بر پشتِ پائے خود نہ بینم
اگر درویش بر حالے بماندے / سرِ دست از دو عالم بر فشاندے

حکایت(۱۰) در جامعِ بعلبک وقتے کلمہ چند ہمی گفتم بطریقِ وعظ با جماعتے افسردہ دل مردہ راہ از عالمِ صورت بعالمِ معنیٰ نبردہ دیدم کہ نفسم در نمی گیرد و آتشم در ہیزمِ تر اثر نمی کند دریغ آمدم تربیتِ ستوراں و آئینہ داری در محلتِ کوراں ولیکن درِ معنیٰ باز بود و سلسلۂ سخن دراز در معنیٔ این آیت کہ وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْہِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِیْدِ سخن بجائے رسانیدہ بودم کہ می گفتم

قطعہ

دوست نزدیک تر از من بمن ست / وین عجب تر کہ من از وے دورم
چہ کنم با کہ تواں گفت کہ او / در کنارِ من و من مہجورم

من از شرابِ این سخن مست بودم و فضالۂ قدح در دست کہ روندۂ بر کنارِ مجلس گذر کرد و دورِ آخر در وے اثر کرد نعرہ بزد کہ دیگراں بموافقتِ وے در خروش آمدند و حاضرانِ مجلس در جوش گفتم سبحان اللہ

دوران باخبر در حضور و نزدیکان بے بصر دور

برق: بجلی۔ جہاں: کوندنے والی۔ جہیدن سے اسم فاعل سماعی ہے۔ نہاں: پوشیدہ۔ طارم: راء کی حرکت میں اختلاف ہے۔ گنبد، بالا خانہ۔ برطارم اعلی نشستن: مدارج و معارج کی بلندی پر بیٹھنا۔ بر پشت پا ندیدن: کمال بے خبری یعنی کبھی ایسا بے خبر ہوتا ہوں کہ پیش پا پڑی چیزیں بھی نظر نہیں آتیں۔ سر دست از دو عالم برفشاندن: ترک دو عالم سے کنایہ ہے یعنی کبھی درویش اس انبساطی حالت میں ہوتا ہے کہ دونوں عالم میں نہیں سما سکتا۔ حکایت ۱۰: اس کا حاصل یہ ہے کہ کور باطن طبیعتوں پر معنی خیز باتوں کا اثر نہیں ہوتا۔ ارادتمندوں اور عقیدت مندوں کو چاہیے کہ ریاضت ومجاہدہ کے ذریعہ اپنے باطن کا تصفیہ وتزکیہ کریں تا کہ نکتہ رس باتوں کا اثر ہو سکے۔ بعلبک: شام کا ایک مشہور شہر۔ جامع: جامع مسجد۔ فسردہ: یعنی برف کے مانند افسردہ۔ جماعت کی پہلی صفت۔ دل مردہ: یہ جماعت کی دوسری صفت ہے۔ یعنی کوئی اثر قبول نہیں کر رہی تھی۔ راہ بردن: راستہ طے کرنا۔ راہ از عالم صورت: یہ جملہ تیسری صفت ہے۔ درنمی گیرد: اثر انداز نہیں ہو رہی ہے۔ ہیزم تر: گیلی لکڑیاں۔ دریغ: افسوس۔ ستوراں: گدھے۔ اللہ تعالی کا ارشاد ہے "اُولٰئِکَ کَالْاَنْعَامِ بَلْ ھُمْ اَضَلُّ"۔ آئینہ داری: آئینہ رکھنا، آئینہ کی دوکان کھولنا یا آئینہ خانہ بنانا۔ ان کی تربیت بیکار ہے کہ گدھے نااہل ہیں اور اندھے ناقدرے ہیں۔ سلسلۂ سخن دراز: یعنی تقریر جاری تھی۔ نحنُ اَقرَبُ... الخ: ہم بندے کے اس کی رگ گلو سے بھی زیادہ قریب ہیں۔ (سورۃ ق ۱۶) رسانیدہ بودم: بات یہاں تک میں نے پہونچائی تھی۔ از وے دورم: میں اس سے دور ہوں کہ بہت سے حجابات حائل ہیں۔ کنار: آغوش۔ مہجورم: میں دوست ...

قطعہ

فہم سخن گر نکند مستمع | قوتِ طبع از متکلم مجوی
فسحتِ میدانِ ارادت بیار | تا بزند مردِ سخنگوئے گوی

حکایت (۱۱) شبے در بیابانِ مکہ از بیخوابی پائے رفتنم بماند سر بنہادم و شتربان را گفتم دست از من بدار

قطعہ

پائے مسکیں پیادہ چند رود | کز تحمل ستوہ شد بختی
تا شود جسمِ فربہے لاغر | لاغرے مردہ باشد از سختی

گفت اے برادر حرم در پیش ست و حرامی از پس اگر رفتی بردی واگر خفتی مردی نشنیدہ کہ گفتہ اند

بیت

خوش ست زیرِ مغیلاں براہِ بادیہ خفت | شبِ رحیل ولے ترکِ جاں بباید گفت

حکایت (۱۲) پارسائے را دیدم برکنارِ دریا کہ زخمِ پلنگ داشت و بہیچ دارو بہ نمی شد مدتہا دراں رنجور بود و شکرِ خدائے عزوجل علی الدوام گفتے پرسیدندش کہ شکر چہ میگوئی گفت شکر آنکہ بمصیبتے گرفتارم نہ بمعصیتے۔

فہم سخن ...الخ: یعنی اگر سننے والے بات نہ سمجھ رہے ہوں تو کلام کرنے والے (مقرر) کی قوتِ طبع میں جولانیت نہیں آتی۔ (اور نکتہ سنجی کے خطیبانہ جوہر نہیں دکھاپایا۔ بلکہ انقباض پیدا ہوجاتا ہے۔ فسحت: فراخی، کشادگی۔ ارادت: خواہش، عقیدت۔ سخن گو: بات کہنے والا، مقرر۔ گوئے زدن: گیند مارنا کنایہ ہے زور طبع دکھانے سے۔ حکایت ۱۱: اس کا حاصل یہ ہے ہمسفروں کی خیر خواہانہ نصیحتوں سے گریز نہیں کرنا چاہیے۔ بیخوابی: بیداری (عرب کے صحراؤں میں گرمی کی وجہ سے عموماً رات کو سفر کرتے ہیں)۔ پائے رفتنم بماند: میرے چلنے کے پیر عاجز آگئے یعنی میں تھک گیا۔ سر بنہادم: میں لیٹ گیا۔ دست از من بدار: مجھ سے ہاتھ اٹھالو یعنی مجھ کو میرے حال پر چھوڑ دو۔ تحمل: بوجھ اٹھانا۔ ستوہ: عاجز۔ بختی: اونٹ جس کے دو کوہان ہوتے ہیں۔ قوی، بڑا، سرخ رنگ، خراسان کی جانب سے لاتے ہیں۔ بخت نصر بادشاہ کی طرف منسوب ہے چوں کہ اسی بادشاہ نے عربی، عجمی اونٹوں کی جفتی سے یہ نسل تیار کی تھی۔ فربہے: یائے وحدت ہے یعنی جتنے عرصہ میں فربہ کا جسم (تکلیف سے) لاغر ہوگا اتنے عرصہ میں لاغر تو سختی سے مرچکا ہوگا۔ حرم: خانہ کعبہ کے ارد گرد وسیع احاطہ۔ یعنی اس نے کہا کہ حرم مکہ قریب ہے۔ حرامی: چور، ڈاکو۔ اگر رفتی بردی: اگر چلو گے تو جان بچالے جاؤ گے اور سلامت رہو گے۔ مغیلاں: ببول، کیکر۔ اصل میں "ام غیلان" تھا اہل فارس نے حذف و ترمیم سے مغیلاں بنالیا۔ بادیہ: جنگل۔ شب رحیل: کوچ کی رات۔ حکایت ۱۲: اس کا حاصل یہ ہے کہ مصیبتوں پر بھی صبر و شکر کرنا چاہیے۔ اور معصیت سے محفوظی پر رب تعالیٰ کا احسان ماننا چاہیے۔ پارسا: مرکب ہے پارس اور الف فاعل سے معنی پاسدار ہوگا۔ چوں کہ وہ منہیات سے اپنے نفس کا محافظ و پاسدار ہوتا ہے اسی وجہ سے پارسا کہتے ہیں۔ زخم پلنگ: چیتا کاٹے کا زخم۔ دارو: دوا۔ بہ:

قطعہ

اگرم زار بکشتن دہد آں یارِ عزیز | تا نگویم کہ دراں دم غمِ جانم باشد
گویم از بندۂ مسکیں چہ گنہ صادر شد | کہ دل آزردہ شد از من غمِ آنم باشد

بلے مردانِ خدا مصیبت را بر معصیت اختیار کنند نہ بینی کہ یوسفِ صدیق دراں حالت چہ گفت قَالَ رَبِّ السِّجْنُ اَحَبُّ اِلَیَّ مِمَّا یَدْعُوْنَنِیْ اِلَیْہِ

حکایت(۱۳) درویشے را ضرورتے روئے نمود گلیمے از خانۂ یارے بدزدید و نفقہ کرد حاکم فرمود کہ دستش ببرید صاحبِ گلیم شفاعت کرد کہ من او را بحل کردم گفتا بشفاعتِ تو حدِ شرع فرو نگذارم گفت انچہ فرمودی راست ست ولیکن ہر کہ از مالِ وقف چیزے بدزدد قطعش لازم نیاید کہ اَلْفَقِیْرُ لَا یَمْلِکُ ہر چہ درویشاں راست وقفِ محتاجاں ست حاکم از وے دست بداشت و ملامت کردن گرفت کہ جہاں بر تو تنگ آمدہ بود کہ دزدی نکردی اِلّا از خانۂ چنیں یارے گفت اے خداوند نشنیدۂ کہ گفتہ اند خانۂ دوستاں بروب و درِ دشمناں مکوب

شعر

چوں فرومانی بسختی تن بعجز اندر مدہ | دشمناں را پوست برکن دوستاں را پوستیں

زار: ناتواں۔ اگرم زار: اگر مجھ ناتواں کو۔ گنہ: گناہ کا مخفف ہے جرم وخطا۔ صادر شد: سرزد ہوا۔ غم آنم باشد: مجھے تو اس کا ہی غم ہے۔ یوسف صدیق: قوم بنی اسرائیل کے نبی ہیں۔ بادشاہ مصر نے ایک جھوٹے الزام کے تحت آپ کو قید میں ڈال دیا۔ ایک نوزائیدہ بچے نے آپ کی سچائی اور پاکیزگی کی گواہی دی۔ اس لیے آپ کا لقب صدیق ہوا۔ قید سے باعزت رہا ہوکر عزیزِ مصر یعنی مصر کے بادشاہ ہوئے۔ قال رَبِّ السِّجْنُ.. الخ: انھوں نے عرض کی اے میرے رب! مجھے قید خانہ زیادہ پسند ہے اس کام سے جس کی طرف یہ مجھے بلاتی ہیں۔ (سورہ یوسف آیت ۳۳)

حکایت ۱۳: اس کا حاصل یہ ہے کہ درویشوں کو چاہیے کہ اپنے خطاکار اور بدمعاملہ دوستوں کے ساتھ بھی خیرخواہی اور درگزر کا برتاؤ کریں۔

ضرورتے روئے نمود: ایک حاجت پیش آگئی۔ گلیم: کمبل۔ نفقہ کرد: خرچ کرڈالا۔ دستش ببرید: بُریدن سے امر حاضر صیغہ جمع، اس کا ہاتھ کاٹ دو۔ چور کا ہاتھ کاٹ لینا حکم شرع ہے۔ شفاعت: سفارش۔ بحل: بکسرتین، معاف کردیا، یہ بھی ہوسکتا ہے کہ بفتحتین وتشدید لام ہو اور با برائے ظرفیت یا معیت ہو بمعنی حلال ہونا۔ حدِ شرع: شرعی سزا۔ مالِ وقف: جو مال راہِ خدا میں خاص کردیا گیا ہو۔ قطع: ہاتھ کاٹنا۔ الفقیر لا یملکُ: فقیر کسی چیز کا مالک نہیں ہوتا۔ اِلّا: مگر۔ خانۂ دوستاں ... الخ: دوستوں کا گھر بہارو (صاف کرو) اور دشمن کا دروازہ مت کھٹکھٹاؤ۔ یہ کنایہ ہے کہ دوست کے گھر کا پورا اثاثہ لے لو مگر مطلب برآری کے لیے دشمن کے گھر

حکایت (۱۴) یکے از پادشاہاں پارسائے را دید گفت ہیچت از ما یاد می آید گفت بلے وقتے کہ خدای را فراموش میکنم

فرد

ہر سو دود آنکس ز درِ خویش براند | واں راکہ بخواند بدرِ کس ندواند

حکایت (۱۵) یکے از صالحاں بخواب دید پادشاہے را در بہشت و پارسائے را در دوزخ پرسید کہ موجبِ درجاتِ ایں چیست و سببِ درکاتِ آں چہ کہ مردم بخلافِ آں می پنداشتند ندا آمد کہ ایں پادشا بارادتِ درویشاں در بہشت ست و ایں پارسا بتقرب پادشاہاں در دوزخ

قطعہ

دلقت بچہ کار آید و تسبیح و مرقع | خود را ز عملہائے نکوہیدہ بری دار
حاجت بکلاہِ برکی داشتنت نیست | درویش صفت باش و کلاہِ تتری دار

حکایت (۱۶) پیادہ سر و پا برہنہ با کاروانِ حجاز از کوفہ بدر آمد و ہمراہ ما شد نظر کردم کہ معلومے نداشت خراماں ہمی رفت و میگفت۔

قطعہ

نہ باشتر بر سوارم نہ چو اشتر زیر بارم | نہ خداوندِ رعیت نہ غلامِ شہر یارم

حکایت ۱۴: اس کا حاصل یہ ہے کہ بادشاہوں سے نزدیکی خدا سے دوری کا سبب ہے۔ ہیچت از ما یاد می آید: تمہیں کبھی ہماری یاد بھی آتی ہے۔ ہرسو: ہر جانب۔ دَوَد: دوڑتا پھرتا ہے۔ بَراند: بھگا دیتا ہے۔ بخواند: بلا لیتا ہے۔

حکایت ۱۵: اس کا حاصل یہ ہے کہ آدمی کو درویشوں کا ارادتمند رہنا چاہیے اور اپنے اندر پاک باطنی پیدا کریں۔ لباس چاہیے جیسا بھی پہنیں۔ بہشت: جنت۔ موجب: سبب۔ درجات: درجہ کی جمع، بلندی کا مرتبہ۔ بلندیاں۔ درکات: درکہ کی جمع۔ طبقۂ دوزخ۔ پستی کا مرتبہ، پستیاں۔ دلق: بالوں سے بنے کمبل کا لباس۔ گدڑی۔ تسبیح: سو دانوں کی لڑی، خدا کی پاکی بیان کرنا۔ مرقع: پیوند لگی گدڑی۔ نکوہیدہ: برا، ناپسندیدہ۔ بری دار: پاک رکھو، الگ تھلگ رکھو۔ برکی: تحسین۔ برک کا منسوب۔ اونٹ کے بالوں سے بنا ایک قسم کا موٹا کپڑا۔ درویش جس کا اکثر ٹوپی، کرتا بناتے ہیں۔ تتری: تاتاری کا مخفف۔ تاتار ترکستان کا ایک علاقہ ہے وہاں کی بنی ٹوپی بیش قیمت ہوتی اسے سپاہی اوڑھتے تھے۔ مراد یہ ہے کہ باطن پاکیزہ بناؤ لباس چاہے جیسا بھی پہنو۔

حکایت ۱۶: اس کا حاصل یہ ہے کہ درویش اپنے مقاصد کی تکمیل میں ظاہری اسباب دنیا پر تکیہ نہیں کرتا بلکہ متوکل علی اللہ ہوتا ہے۔ پیادہ: پیدل چلتا ہوا ایک شخص۔ سر و پا برہنہ: ننگے سر ننگے پاؤں۔ کارواں: قافلہ۔ حجاز: عرب کا وہ خطہ جس میں مکہ و مدینہ واقع

غم موجود و پریشانی معدوم ندارم | نفسے میزنم آسودہ و عمرے میگزارم

اشتر سوارے گفتش اے درویش کجا میروی برگرد کہ بہ سختی بمیری نشنید و قدم در بیاباں نہاد و برفت چوں بہ نخلۂ محمود برسیدیم توانگر را اجل فرا رسید درویش بہ بالینش فرو دآمد و گفت مصرع

ما بہ سختی نہ بمردیم و تو بر بُختے بمردی بیت

شخصے ہمہ شب بر سرِ بیمار گریست | چوں روز آمد بمرد و بیمار بزیست

قطعہ

اے بسا اسپ تیز رو کہ بماند | کہ خرِ لنگ جاں بمنزل بُرد

بسکہ در خاک تندرستاں را | دفن کردیم و زخم خوردہ نمرد

حکایت (۱۷) عابدے را پادشاہے طلب کرد اندیشید کہ داروئے بخورم تا ضعیف شوم تا مگر اعتقادے کہ در حقِ من دارد زیادت کند آوردہ اند کہ داروئے قاتل بود بخورد و بمرد

قطعہ

آنکہ چوں پستہ دیدمش ہمہ مغز | پوست بر پوست بود ہمچو پیاز

پارسایانِ روئے در مخلوق | پشت بر قبلہ میکنند نماز

نفَس: سانس، جمع انفاس۔ نفَسے میزنم آسودہ: یعنی آرام کا سانس لے رہا ہوں۔ معدوم: غیر موجود۔ نخلہ: نخلستان۔ کھجوروں کا باغ۔

ن خلۂ بنی محمود: مکہ اور طائف کے درمیان ایک جگہ کا نام۔ اَجل: موت جمع آجال۔ بالین: سرہانہ۔ بُخت: بختی کا اسم جنس کہ قلیل وکثیر پر صادق ہے۔ اونٹ اس نسل کا جو بخت نصر نے تیار کیا تھا۔ مصرع بحرِ رمل مخبون سے ہے۔ ما بہ سختی... الخ: یعنی ہم تو سختی اور تکلیف سے نہ مرے اور تو اونٹ پر مر گیا۔ حالاں کہ تو سمجھتا تھا کہ پیدل چلنے والے سختی کے باعث ہلاک ہو جائیں گے۔

حکایت ۱۷: اس کا حاصل یہ ہے کہ ریاکاری عبادت گزاری کے منافی اور غضب ربانی کا سبب ہے۔ درویشوں کو سخت احتیاط چاہیے۔ عابد: عبادت گزار۔ دارو: دوا۔ مگر: شاید، ہوسکتا ہے کہ۔ پستہ: سبز رنگ کا ایک میوہ کہ مغز ہی مغز ہوتا ہے۔ آنکہ... الخ: جس کو میں نے پستہ تصور کیا تھا کہ جو پورا مغز ہی ہوتا ہے وہ پیاز نکلا کہ جس میں چھلکا ہی چھلکا ہوتا ہے۔ یعنی جس کو ہم نے سراپا اہل معرفت سمجھا وہ مغزِ معرفت سے خالی نکلا۔ پارسایان: پارسا کی جمع۔ پارسایان روئے... الخ: ایسے پارسا لوگ جو دنیا کو دکھانے کے لیے نماز پڑھتے ہیں وہ گویا قبلہ سے منہ موڑ کر اور قبلہ کو پس پشت ڈال کر نماز پڑھتے ہیں کہ ایسی عبادت بیکار جوان کے منہ پر ماردی جائے گی۔

فرد

چوں بندہ خدائے خویش خواند | باید کہ بجز خدا نداند

حکایت (۱۸) کاروانے را در زمینِ یونان بزدند و نعمت بیقیاس بردند بازارگاناں گریہ و زاری بسیار کردند و خدا و پیمبر را بشفاعت آوردند فائدہ نبود

شعر

چو پیروز شد دزدِ تیرہ رواں | چہ غم دارد از گریۂ کارواں

لقمان حکیم اندراں کارواں بود یکے گفتش از کاروانیاں ایناں را مگر نصیحتے کنی و موعظت گوئی باشد کہ برخے از مال ما دست بدارند کہ دریغ باشد چندیں نعمت کہ ضائع شود گفت دریغ باشد کلمہ حکمت بایشاں گفتن

قطعہ

آہنے را کہ موریانہ بخورد | نتواں برد ازو بہ صیقل زنگ

باسیہ دل چہ سود گفتنِ وعظ | نرود میخِ آہنی در سنگ

قطعہ

بروزگارِ سلامت شکستگاں دریاب | کہ جبرِ خاطرِ مسکیں بلا بگرداند

چو سائل از تو بزاری طلب کند چیزے | بدہ وگرنہ ستمگر بزور بستاند

خدائے خویش خواند: یہاں را علامت مفعول حذف ہے۔ حکایت ۱۸: اس کا حاصل یہ ہے کہ نصیحت اسی کو کرنا چاہیے جس سے قبول کی امید ہو، اور نا اہل کو نصیحت کرنا فضول ہے۔ کارواں: قافلہ۔ یونان: اقلیم پنجم میں روم کا ایک ملک۔ یونان بن یافث بن نوح کے نام سے آباد ہوا۔ بزدند: یعنی قزاقوں نے حملہ کرکے لوٹ لیا۔ بازارگاناں: سوداگروں۔ بشفاعت آوردند: یعنی ان ڈاکوؤں کے سامنے خدا اور پیغمبر خدا کا واسطہ دیا۔ پیروز: فیروز۔ کامیاب۔ تیرہ رواں: تاریک روح، سیاہ باطن۔ از کاروانیاں: کارواں والوں میں سے۔ مگر: شاید۔ برخے: کچھ تھوڑا۔ دریغ: افسوس۔ رنج وملال۔ ضائع: برباد۔ موریانہ: مورچانہ کے وزن ومعنی میں ہے۔ زنگ۔ صیقل: جلا صفائی۔ سیاہ دل: سنگ دل، ظالم، ڈاکو اور جلاد کو بھی کہتے ہیں۔ یعنی سنگ دل کے دل میں نصیحت سرایت نہیں کرسکتی جیسے آہنی کیل پتھر میں پیوست نہیں ہوسکتی۔ روزگار: زمانہ۔ شکستگاں: ٹوٹے دلوں والے، مصیبت زدہ۔ دریاب: حاصل کر، مدد کرد۔ جبر خاطر: دل کا غم دور کرنا، ڈھارس بندھانا۔ بزاری: زور وکر۔ عاجزی دکھاتے ہوئے۔ ستمگر: ظالم۔

حکایت (۱۹) چندانکہ مرا شیخ اجل ابو الفرج بن جوزی رحمۃ اللہ علیہ بترکِ سماع فرمودے و بخلوت و عزلت اشارت کردے عنفوانِ شبابم غالب آمدے و ہوا و ہوس طالب ناچار بخلافِ رای مربی قدمے چند برفتمے و از سماع و مخالطت حظّے برگرفتمے و چوں نصیحتِ شیخم یاد آمدے گفتمے۔

فرد

قاضی ار با ما نشیند برفشاند دست را | محتسب گر مے خورد معذور دارد مست را

تا شبے بمجمعے برسیدم و دراں میاں مطربے دیدم

بیت

گوئی رگِ جاں میگسلد زخمۂ ناسازش | ناخوشتر از آوازۂ مرگِ پدر آوازش

گاہے انگشتِ حریفاں ازو در گوش و گہے برلب کہ خاموش

شعر

نُهَاجُ اِلٰی صَوْتِ الْاَغَانِیْ لِطِیْبِهَا | وَاَنْتَ مُغَنٍّ اِنْ سَکَتَّ نَطِیْبُ

بیت

نہ بیند کسے در سماعت خوشی | مگر وقتِ رفتن کہ دم درکشی

چوں باواز آمد آں بربط سرای | کدخدا را گفتم از بہرِ خدای

استاذ مراد ہے کیوں کہ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ شیخ سعدی کے استاذ تھے۔ اور اہل تصوف کے عقیدت مند نہ تھے شیخ سعدی کے پیر شیخ شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔ (۵۳۶-۶۳۲ھ)۔ اجل: بزرگ و برتر۔ ترک: چھوڑ دینا۔ سماع: قوالی سننا۔ خلوت و عزلت: تنہائی اور گوشہ نشینی۔ عنفوان: آغاز۔ شباب: جوانی۔ عنفوانِ شباب: نوجوانی۔ ہوا و ہوس: خواہشات۔ مربی: تربیت دینے والا، استاذ، مراد شیخ ابن الجوزی ہیں۔ مخالطت: آمیزش، میل جول۔ حظ: لطف، مزہ۔ قاضی: خلاف شرع کاموں سے منع کرنے والا اور مرتکبین کو سزا سنانے والا حاکم۔ برفشاند دست را: ہاتھ نچاتا یعنی تالیاں بجانے لگتا۔ محتسب: خلاف شرع کاموں پر محاسبہ کرنے والا۔ مے: شراب۔ مست: شرابی۔ قاضی...الخ: قاضی ہمارے ساتھ اگر (مجلس رقص و سرود میں) بیٹھ جاتا تو وہ خود (وجد میں آکر) تالیاں بجانے لگتا۔ اور محتسب (جو حقیقت میں لذت مے خواری سے آشنا نہیں) اگر وہ خود شراب پی لیتا تو میخوار کو معذور سمجھتا (اور چھوڑ دیتا)۔ مطرب: گانے والا، قوال۔ گوئی...الخ: اس شعر میں قوال کی انتہائی بھدی آواز کی مذمت اور تشبیہات ہیں۔ زخمہ: مضراب۔ ساز بجانے کا آلہ۔ بعض نسخوں میں اس کی جگہ نغمہ ہے۔ آوازۂ مرگ پدر: باپ کی موت پر واویلا کی آواز، یعنی ایسا لگتا تھا کہ اس کی غیر موزوں (بے تکا) مضراب شہ رگ کو ہی توڑے ڈال رہی ہے یعنی گلا پھاڑ کے بے ہنگم آواز میں چلاتا تھا۔ باپ کے ماتم کی آواز سے بھی زیادہ کریہہ و ناگوار تھی۔ حریف: ہم پیشہ یعنی شریکِ محفل۔ نُهاجُ اِلٰی...الخ: یعنی ہم نغموں کی آواز پر خوش دلی سے لپکتے ہیں اور تو ایسا گویا ہے کہ اگر تو خاموش ہو جائے تو ہمیں بھلا لگے۔ کہ دم درکشی: جب کہ تو ...

پنبہ: روئی، میم ضمیر گوش کی مضاف الیہ۔ در: دروازہ۔ فی الجملہ ...الخ: یعنی مختصر یہ کہ دوستوں کی پاس خاطر سے ان کے ساتھ وہاں بیٹھا رہا

پنبہ ام در گوش کن تا نشنوم | یا درم بکشای تا بیروں روم

فی الجملہ پاسِ خاطرِ یاراں را موافقت کردم و شبے بچندیں محنت بروز آوردم

قطعہ

مؤذن بانگ بے ہنگام برداشت | نمیداند کہ چنداز شب گذشت ست

درازیِ شب از مژگانِ من پرس | کہ یکدم خواب در چشم نہ گشت ست

بامداداں بحکمِ تبرک دستارے از سر و دینارے از کمر بکشادم و پیش مُغنّی بنہادم و در کنار گرفتم و بسے شکر گفتم یاراں ارادتِ من در حقِ وے خلافِ عادت دیدند و بر خفّتِ عقلم نہفتہ بخندیدند یکے از آنمیاں زبانِ تعرض دراز کرد و ملامت کردن آغاز کہ ایں حرکت مناسب رائے خردمنداں نکردی خرقہ مشائخ بچنیں مُطربے دادن کہ ہمہ عمرش درمے در کف نبودہ است و قُراضۂ در دُف

مثنوی

مُطربے دور ازیں خجستہ سرای | کس دو بارش ندید در یکجای

راست چوں بانگش از دہن برخاست | خلق را موی بر بدن برخاست

مرغِ ایواں زہولِ او برمید | مغزِ ما خورد و حلقِ خود بدرید

اور بڑی مصیبت سے وہ رات کاٹی۔ بانگ: آواز، یہاں اذان مراد ہے۔ بے ہنگام: بے وقت۔ مژگاں: مژہ کی جمع، پلکیں۔ بامداداں: صبح کے وقت۔ تبرک: برکت لینا۔ وہ چیز جس سے برکت لی جائے۔ از کمر: یعنی ہمیانی سے۔ مُغنّی: گانے والا، قوال۔ در کنار گرفتم: میں بغل گیر ہوا، معانقہ کیا۔ بسے شکر گفتم: اس کا بہت بہت شکریہ ادا کیا۔ ارادت: عقیدت۔ و بر خفتِ عقلم نہفتہ بخندیدند: اور میری بیوقوفی پر چپکے چپکے ہنس رہے تھے۔ تعرض: طعنہ زنی۔ خرقۂ مشائخ: بزرگوں کا خرقہ، قاعدہ ہے کہ پیر اپنے مریدوں کو بوقت خلافت خرقہ و دستار سے نوازتے ہیں۔ درم: درہم۔ عرب میں مروج سکہ جس کا وزن ساڑھے تین ماشہ اور مساحت ہتھیلی برابر ہوتی ہے۔ کف: ہتھیلی۔ قراضہ: سونے چاندی کا کترا ہوا ریزہ۔ در دف: سازندوں کا طریقہ ہے کہ انھیں محفل میں جو انعام ملتا ہے اسے اپنے ساز، سارنگی وغیرہ کے سوراخ میں ڈال کر محفوظ کرتے جاتے ہیں۔ دور ازیں خجستہ سرائے: یہ جملہ معترضہ دعائیہ ہے۔ خدا کرے وہ اس مبارک گھر سے دور رہے۔ کس دو بارش ...الخ: یعنی ایک بار کسی جگہ آنے کے بعد دوبارہ اس کو پھر کبھی وہاں بلایا نہیں جاتا۔ خلق را ...الخ: یعنی اس کی ہیبت ناک آواز کی وجہ سے لوگوں کے بدن کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے۔ مرغ ایواں: وہ پرندے جو محل اور قلعہ کے دروازے یا فصیل میں گھونسلے بنا لیتے ہیں یا قلعہ کی ... منقش ... شعر میں انتہائی مبالغہ ہے کہ غیر ذی روح بھی آواز کی ہولناکی کی برداشت نہیں

کوتاہ کنی: یعنی زبان طعن روک لو۔ کرامت: کسی بزرگ کا ایسا انوکھا اور عجیب کام جو عام لوگ نہ کرسکیں۔ تقرب: نزدیکی۔ مطائبت: ہنسی اڑانا،

گفتم زبانِ تعرض مصلحت آنست کہ کوتاہ کنی بحکمِ آں کہ مرا کرامتِ ایں شخص ظاہر شد گفت مرا بر کیفیتِ آں واقف گرداں تا ہمچنیں تقرب نمایم و بر مطائبت کہ کردم استغفار کنم گفتم بعلّتِ آں کہ شیخِ اجلّم بارہا بترکِ سماع فرمودہ است و مواعظِ بلیغ گفتہ و در سمعِ قبولِ من نیامدہ تا امشب کہ مرا طالعِ میمون و بختِ ہمایوں بدیں بُقعہ رہبری کرد و بدستِ ایں توبہ کردم کہ بقیّتِ زندگانی گردِ سماع و مخالطت نگردم

قطعہ

آوازِ خوش از کام و دہان و لبِ شیریں | گر نغمہ کند ور نکند دل بفریبد
ور پردۂ عشاق و نہاوند و حجازست | از حنجرۂ مطربِ مکروہ نزیبد

حکایت (۲۰) لقمان را گفتند کہ ادب از کہ آموختی گفت از بے ادباں ہرچہ از ایشاں در نظرم ناپسند آمد از فعلِ آں پرہیز کردم۔

قطعہ

نگویند از سرِ بازیچہ حرفے | کزاں پندے نگیرد صاحبِ ہوش
وگر صد بابِ حکمت پیشِ ناداں | بخوانند آیدش بازیچہ در گوش

حکایت (۲۱) عابدے را حکایت کنند کہ بشب دہ من بخوردے و تا سحر

دل لگی، مذاق۔ مَواعِظ: موعظت کی جمع، پندونصیحت۔ در سمع قبول من نیامدہ: میرے قبول کے کان میں اثر انداز نہ ہوا۔ طالع: نصیبہ، قسمت۔ میمون: مبارک۔ بخت ہمایوں: بابرکت مقدر۔ ہمایوں مرکب ہے ہما مشہور مبارک پرندہ اور یوں کلمہ تشبیہ سے۔ بقعہ: جمع بقاع، جگہ، مکان، حصۂ زمین، مقام۔ کام: حلق۔ نغمہ: ترنم۔ پردۂ عشاق: موسیقی کے بارہ پردوں میں سے ایک پردہ (ایک راگ) کا نام۔ نہاوند اور حجاز بھی راگوں کے نام ہیں۔ عشاق: سہ پہر کو، حجاز دوپہر کو، نہاوند آدھی رات گزرنے پر چھیڑا جاتا ہے۔ بعض نسخوں میں نہاوند کی جگہ صفاہان اور بعض میں خراسان آیا ہے یہ دونوں بھی راگوں کے نام ہیں۔ صفاہان آخر شب میں الاپتے ہیں۔ یعنی اچھی آواز نغمہ نہ بھی ہو تو اچھی معلوم ہوتی ہے اور حجاز وعشاق کے راگ اگر کوئی بے سرا گویا گائے تو وہ اچھے معلوم نہیں ہوتے۔ حنجرہ: حلقوم، گلا۔ حکایت ۲۰: اس کا حاصل یہ ہے کہ نادانوں کے برے کاموں سے عبرت حاصل کرنا چاہیے۔ لقمان: مشہور حکیم ودانشور ہیں۔ والد کا نام باعور حضرت ایوب علیہ السلام کے بھانجے یا خالہ زاد بھائی تھے۔ کہتے ہیں یہ حضرت داؤد علیہ السلام کے شاگرد تھے۔ ان کی نبوت میں اختلاف ہے۔ از کہ: کس سے؟ ہرچہ: یعنی جو کام۔ از فعل آں: اس کے کرنے سے۔ بازیچہ: کھیل کود۔ نگویند ...الخ: یعنی ہوشمند مذاق ودل لگی کے طور پر کہی جانے والی بات سے بھی کوئی نہ کوئی نصیحت حاصل کرلیتا ہے۔ اور نادان کے سامنے حکمت ودانائی کے سو باب بھی پڑھ ڈالیں تو اس کے کانوں میں کھیل سے زیادہ اہمیت نہ رکھیں گے۔ حکایت ۲۱: اس کا حاصل یہ ہے کہ بندے کو چاہیے کہ کم خوری اپنی عادت بنالے...

ختمے بکردے صاحبدلے بشنید و گفت اگر نیمۂ نان بخوردے و بخفتے بسیار ازیں فاضلتر بودے۔

قطعہ

اندروں از طعام خالی دار | تا درو نورِ معرفت بینی
تہی از حکمتی بعلتِ آں | کہ پُری از طعام تا بینی

حکایت (۲۲) بخشایش الٰہی گم شدہ را در مناہی چراغِ توفیق فرا راہ داشت تا بحلقۂ اہلِ تحقیق درآمد بیمنِ درویشاں و صدقِ نفسِ ایشاں ذمائمِ اخلاقِ او بمحامد مُبدّل گشت دست از ہوا و ہوس کوتاہ کرد و زبانِ طاعناں در حقِ وے ہمچناں دراز کہ بر قاعدۂ اول ست و زہد و صلاحش بے معوّل۔

فرد

بعذر و توبہ تواں رستن از عذابِ خدای | و لیکن مے نتواں از زبانِ مردم رست

طاقتِ جورِ زبانہا نیاورد و شکایت پیشِ پیرِ طریقت برد و گفت از زبانِ مردم برنجم جوابش داد کہ شکرِ ایں نعمت چگونہ گذاری کہ بہتر ازانی کہ می پندارندت

قطعہ

چند گوئی کہ بد اندیش و حسود | عیب گویانِ من مسکین اند
گہ بخوں ریختنم برخیزند | گہ بہ بدخواستنم بنشینند

ختمے بکردے: یعنی قرآن پاک ایک بار پورا تلاوت کرلیتا۔ نیمہ: بمعنی نیم، آدھی۔ فاضل تر: زیادہ فضیلت والا بہت بہتر۔ اندروں: باطن۔ نورِ معرفت: معرفت الٰہی کا نور۔ تہی از...الخ: یعنی تو نورِ حکمت سے خالی ہے اس سبب سے کہ تو ناک تک کھانے سے پیٹ بھر لیتا ہے۔
حکایت ۲۲: اس کا حاصل یہ ہے کہ بدخواہوں اور حاسدوں کی طعنہ زنی سے درویشوں کو رنجیدہ نہیں ہونا چاہیے بلکہ توفیق الٰہی ملنے کا شکر ادا کرنا چاہیے۔
بخشایش: رحمت وکرم، بخشش و مہربانی۔ گم شدہ: بھٹکا ہوا، گمراہ۔ مناہی: منہی کی جمع، منع کی ہوئی چیزیں۔ غیر مشروع، حرام وناجائز باتیں۔ توفیق: خدا کا بندے کے لیے اسبابِ خیر فراہم کرنا۔ فرا: آگے، یعنی عنایت خداوندی نے گناہوں میں ڈوبے ہوئے ایک شخص کے لیے توفیق ہدایت کی شمع روشن کردیا۔ حلقہ: جماعت، دائرہ۔ اہل تحقیق: اہل تصوف، درویش۔ درآمد: داخل ہوگیا، شامل ہوگیا۔ یمن: برکت۔ ذمائم: ذمیمہ کی جمع، برائیاں۔ محامد: محمدہ کی جمع، خوبیاں۔ حمائد: حمیدہ کی جمع، قابل تعریف باتیں۔ مُبدّل گشت: بدل گئیں۔ طاعناں: طعنہ دینے والوں۔ بے معوّل: بے اعتماد۔ نتواں رُست: چھٹکارا نہیں پاسکتا۔ پیر طریقت: راہِ تصوف کا مرشد و راہنما۔ بداندیش: بدخواہ، دشمن۔ حسود: حسد کرنے والا، حاسد۔ گہ: گاہ کا مخفف ہے۔

نیک باشی وبدت گوید خلق | بہ کہ بد باشی ونیکت بینند

لیکن مرا کہ حسنِ ظنِ خلائق درحقِ من بکمال ست ومن درعینِ نقصان

روا باشد اندیشہ کردن وتیمار خوردن

شعر

اِنِّیْ لَمُسْتَتِرٌ مِّنْ عَیْنِ جِیْرَانِیْ | وَاللّٰہُ یَعْلَمُ اِسْرَارِیْ وَاِعْلَانِیْ

قطعہ

دربستہ بروئے خود زمردم | تا عیب نگسترند مارا

دربستہ چہ سود عالم الغیب | دانائے نہان وآشکارا

حکایت[۲۳] پیشِ یکے از مشائخِ کبار گلہ کردم کہ فلاں درحقِ من بفساد گواہی دادہ است گفت بصلاحش خجل کن۔

رباعی

تو نیکو روش باش تا بدسگال | بنقصِ تو گفتن نیابد مجال

چو آہنگِ بربط بود مستقیم | کے از دستِ مطرب خورد گوشمال

حکایت[۲۴] یکے را از مشائخ پرسیدند کہ حقیقتِ تصوف چیست گفت ازیں پیش طائفہ بودند درجہاں بصورت پراگندہ وبمعنی جمع واکنوں خلقے اند بظاہر جمع وبدل پراگندہ۔

نیکت بینند: تجھ کو نیک سمجھیں۔ خلائق: خلیقہ کی جمع بمعنی مخلوق۔ بکمال است: یعنی کامل بزرگ ہونے کا گمان ہے۔ ومن درعین نقصان: حالاں کہ میں بالکل ناقص ہوں۔ تیمار: غم۔ روا باشد... الخ: یعنی یہ بات روا ہوگی کہ میں فکر کروں اور غم کھاؤں کہ میرے ناقص اور بے کمال ہونے کے باوجود مخلوق مجھ کو باکمال سمجھ رہی ہے۔ اِنِّی لَمُسْتَتِر... الخ: یعنی یقیناً میں اپنے پڑوسیوں کی نگاہ سے چھپا ہوا ہوں اور اللہ تعالیٰ میرے ظاہر و باطن کو خوب جانتا ہے۔ تا عیب نہ گسترند: یعنی تاکہ وہ ہمارے عیب نہ پھیلائیں۔ (راز فاش نہ کریں) عالم الغیب: سارے غیبوں کا جاننے والا۔ یعنی اللہ تعالیٰ۔ حکایت ۲۳: حاصل یہ ہے کہ درویش کو نیک روش رہنا چاہیے کوئی برا کہے تو اپنی اصلاح حال کرے اور پہلے سے بہتر روش اختیار کرے۔ مشائخ: مشیخہ کی جمع یا خلاف قیاس شیخ کی جمع، عالم، بزرگ، پیر و مرشد۔ کبار: کبیر کی جمع، بڑے بڑے۔ گلہ: شکایت۔ صلاح: درستی، نیکی۔ خجل: شرمندہ۔ روش: طور، طریقہ، طرز۔ بدسگال: بدخواہ، بداندیش۔ نقص: عیب۔ مجال: گنجائش، موقع۔ آہنگ: آواز۔ بربط: ایک ساز کا نام، سارنگی۔ مستقیم: درست۔ گوشمال: کان اینٹھنا۔ سارنگی کی کھونٹیاں کان کی شکل پر بنی رہتی ہیں ان کے اینٹھنے سے تار سخت ہوتے ہیں اور آواز نکلتی ہے۔ تصوف: لغوی معنی اون کے بنے کپڑے پہننا۔ اور اصطلاحی معنی خواہش نفسانی سے پاک ہونا یا ماسوی اللہ سے یکسو ہونا۔

ہر ساعت: ہر گھڑی یعنی جب ہر لحظہ تیرا دل بھٹکتا پھرتا ہے (یکسوئی حاصل نہیں ہے) وَرَت: واگر ترا۔ جاہ: مرتبہ۔ زرع: کھیتی۔ چو دل

قطعہ

چو ہر ساعت از تو بجائے رود دل | بہ تنہائی اندر صفائے نہ بینی
ورت مال و جاہ است و زرع و تجارت | چو دل با خدا یست خلوت نشینی

حکایت (۲۵) یاد دارم کہ شبے در کاروانے ہمہ شب رفتہ بودم و سحر بر کنارِ بیشہ خفتہ شوریدہ کہ دراں سفر ہمراہِ ما بود سحر گاہاں نعرہ بزد و راہِ بیاباں گرفت و یک نفس آرام نیافت چوں روز شد گفتمش آں چہ حالت بود گفت بُلبلاں را دیدم کہ بنالش در آمدہ بودند از درخت و کبکاں از کوہ و غوکاں از آب و بہائم از بیشہ اندیشہ کردم کہ مرّوت نباشد ہمہ در تسبیح و من در غفلت خفتہ کجا روا باشد۔

قطعہ

دوش مرغے بصبح می نالید | عقل و صبرم بیرد و طاقت و ہوش
یکے از دوستانِ مخلص را | مگر آوازِ من رسید بگوش
گفت باور نداشتم کہ ترا | بانگِ مرغے چنیں کند مدہوش
گفتم ایں شرطِ آدمیّت نیست | مرغ تسبیح خوان و من خاموش

حکایت (۲۶) وقتے در سفرِ حجاز طائفہ جوانانِ صاحب دل ہمراہِ ما

باخدایست: یعنی جب دل خدا سے لگا ہے تو تم خلوت نشین ہو۔ اور تمہیں خلوت کا درجہ حاصل ہے۔ اس آیت کریمہ کے مصداق "رِجَالٌ لَا تُلْهِيْهِمْ تِجَارَةٌ وَلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ"۔ حکایت ۲۵: اس کا حاصل یہ ہے کہ درویشوں کو چاہیے کہ ذکر الٰہی کے ذریعہ دلوں میں نرمی پیدا کریں تاکہ ادنیٰ تحریک سے لذت شوقِ خداوندی پیدا ہو سکے۔ کارواں: قافلہ۔ بیشہ: جنگل، بن، جھاڑی۔ شوریدہ: مجذوب، عاشق۔ سحر گاہان: صبح کے وقت، صبح تڑکے، اس میں الف نون زائد ہے۔ نالش: شور و فریاد، گریہ وزاری۔ کبکاں: واحد کبک، چکور۔ غوک: مینڈک۔ مُرّوت: مردانگی۔ بہائم: چوپائے۔ تسبیح: خدا کی پاکی بیان کرنا۔ سبحان اللہ کہنا۔ دوش: گزشتہ رات۔ می نالید: یعنی کل رات صبح کو ایک پرندہ (اس طرح) گریہ و فریاد (چہچہا رہا تھا) کر رہا تھا جس نے میری عقل و صبر اور طاقت و ہوش لوٹ لیے۔ مگر: شاید۔ باور: یقین۔ بانگ: آواز۔

صدا۔ تسبیح خواں: تسبیح پڑھنے والی۔ حکایت: اس کا حاصل یہ ہے خوش آوازی اور نغمہ سنجی نرم طبیعتوں پر اثر انداز ہو کر تسبیح خداوندی کا کیف پیدا کرتی ہیں۔ حجاز: ملک عرب کا وہ خطہ جس میں مکہ و مدینہ واقع ہیں۔ طائفہ: جماعت، گروہ۔ صاحب دل: اہل دل، عارف، خدا رسیدہ۔

بودند ہمدم وہمقدم وقتہا زمزمہ بکردندے وبیتے محققانہ بگفتندے وعارفے در سبیل منکرِ حالِ درویشاں بود وبیخبر از دردِ ایشاں تا برسیدیم بنخیلِ بنی ہلال کودکِ سیاہ از حیِّ عرب بدر آمد وآوازے برآورد کہ مرغ از ہوا در آورد شترِ عابد را دیدم کہ برقص اندر آمد وعابد را بینداخت وراہِ بیاباں گرفت وبرفت گفتم اے شیخ در حیوانے اثر کرد وترا ہمچناں تفاوت نمی کند

نظم

دانی چہ گفت مرا آں بلبلِ سحری | تو خود چہ آدمیٔ کز عشق بیخبری
اشتر بشعرِ عرب در حالت ست وطرب | گر ذوق نیست ترا کژ طبع جانوری

شعر

وَعِنْدَ هُبُوبِ النَّاشِرَاتِ عَلَى الْحِمٰی | تَمِیْلُ غُصُوْنُ الْبَانِ لَا الْحَجَرُ الصَّلْدُ

مثنوی

بذکرش ہر چہ بینی در خروش ست | ولے داند دریں معنی کہ گوش ست
نہ بلبل بر گلش تسبیح خوانیست | کہ ہر خارے بہ تسبیحش زبانیست

حکایت[۲۷] یکے را از ملوک مدتِ عمر سپری شد وقائم مقامے نداشت

ہمدم وہمقدم: ہر وقت ایک ساتھ رہنے اور چلنے والے۔ زمزمہ کردن۔ گنگنانا۔ عارف: عالم وفقیہ۔ سبیل: راہ، راستہ۔ نخیل: نخلستان، کھجوروں کا باغ۔ نخیل بنی ہلال: مکہ معظمہ کے راستے میں ایک مقام ہے۔ بنی ہلال: عرب کا ایک قبیلہ ہے۔ کودک: چھوٹا بچہ۔ سیاہ: کالا، عرب کے کالے عموماً خوش آواز ہوتے ہیں۔ حی: قبیلہ۔ آوازے بر آمد: یعنی ایسی خوش آوازی سے گایا کہ پرندے مدہوش ہوکر گر پڑے۔ شترِ عابد: عابد وصوفی کا اونٹ۔ برقص اندر آمد: یعنی نغمہ سن کر رقص کرنے لگا (ناچنے لگا) تفاوت: فرق۔ چہ آدمی: یعنی تو بھی کیا آدمی ہے؟۔ حالت: کیف ووجد۔ طرب: مستی۔ کژ طبع: کج مزاج۔ وعند...الخ: یعنی مرغزاروں پر تیز ہواؤں کے چلنے کے وقت درخت بان کی شاخیں جھکتی جھومتی ہیں نہ کہ سخت پتھر (یعنی ان پر کوئی اثر نہیں پڑتا) بذکرش: یعنی خدا کے ذکر میں۔ (ہر چیز ہے) قال اللہ تعالیٰ: وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا یُسَبِّحُ بِحَمْدِہٖ وَلٰکِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِیْحَهُمْ (اسرا ۴۴) اور کوئی چیز نہیں جو اسے سراہتی ہوئی اس کی پاکی نہ بولے۔ ہاں تم ان کی تسبیح نہیں سمجھتے۔ خروش: شور وفریاد۔ ولے داند...الخ: لیکن اس معنی تک اسی کی رسائی ہوگی جس کے حق شنوا کان ہوں۔ خوانیست اور زبانیست میں "یا" برائے وحدت ہے۔ نہ بلبل...الخ: یعنی نہ صرف بلبل اپنے پھول پر اک تسبیح خواں ہے بلکہ ہر کانٹا اس کی پاکی بیان کرنے میں ایک زبان ہے۔

حکایت ۲۷: اس حکایت کا مقصد یہ ہے کہ حاکم نے اگر کمزوروں پر ظلم ڈھایا تو کسی دن بڑی مصیبت میں [illegible]

وصیّت کرد کہ بامداداں نخستیں کسے کہ از شہر درآید تاجِ شاہی بر سرِ وے نہند و تفویضِ مملکت بوے کنند اتفاقاً اوّل کسے کہ درآمد گدائے بود ہمہ عمر او لقمہ اندوختہ و رقعہ بر رقعہ دوختہ ارکانِ دولت و اعیانِ حضرت وصیّتِ مَلِک بجا آوردند و تسلیمِ مفاتیحِ قِلاع و خزائن بدو کردند و مدّتے مُلک راند تا بعضے امرائے دولت گردن از اطاعتِ او بپیچانیدند و ملوک از ہر طرف بمنازعت برخاستند و بمقاومت لشکر آراستند فی الجملہ سپاہ و رعیّت بہم برآمدند و برخے طرفِ بلاد از قبضۂ تصرّفِ او بدر رفت درویش ازیں واقعہ خستہ خاطر می بود تا یکے از دوستانِ قدیمش کہ در حالتِ درویشی قرینِ او بود از سفر باز آمد و در چناں مرتبہ دیدش گفت مِنّت خدائے را عزّ و جل کہ بخت بلندت یاوری کرد و اقبال و دولت رہبری تا گلت از خار و خارت از پا برآمد اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا

شعر

شگوفہ گاہ شگفتست و گاہ خوشیدہ | درخت وقت برہنہ ست و وقت پوشیدہ

گفت اے عزیز تعزیتم گوی کہ جائے تہنیت نیست آنگہ کہ تو دیدی غمِ نانے داشتم و امروز غمِ جہانے۔

وصیّت: بوقت موت تاکیدی حکم۔ بامداداں: صبح کے وقت۔ نخستیں: سب سے پہلے پہل۔ تفویض: سپرد کرنا، حوالہ کرنا۔ مملکت: حکومت، سلطنت۔ ہمہ عمر...الخ: یعنی جس کی پوری زندگی لقمہ لقمہ مانگ کر جمع کر کے اور گدڑی پر پیوند پر پیوند سی کر گزری تھی۔ ارکانِ دولت: حکومت کے وزرا۔ اعیانِ حضرت: بارگاہ کے بڑے بڑے لوگ۔ مصاحبین اور امرا۔ بجا آوردند: پوری کر دیا۔ تسلیم: سپرد کرنا۔ مفاتیح: کنجیاں۔ واحد مفتاح۔ قِلاع: قلعہ کی جمع۔ خزائن: خزینہ کی جمع خزانہ۔ امرا: امیر کی جمع، سردار۔ دولت: حکومت۔ اطاعت: فرمانبرداری۔ منازعت: جھگڑا، لڑائی۔ مقاومت: مقابلہ۔ فی الجملہ: مختصر یہ کہ۔ برخے: کچھ، بعض۔ قبضہ: اختیار۔ خستہ خاطر: شکستہ دل۔ قرین: ساتھی۔ مِنّت: احسان۔ گلت... برآمد: تیرا پھول کانٹے سے اور تیرا کانٹا پیر سے نکل گیا۔ یعنی تو نے مصیبت سے رہائی پائی۔ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا: بے شک ہر دشواری کے ساتھ (بعد) آسانی ہے۔ شگوفہ: کلی۔ خوشیدہ: پژمردہ: خشک۔ تعزیت: پرسا دینا۔ تہنیت: مبارک بادی۔ آنگہ: آں گاہ کا مخفف۔ اس وقت۔

دردمند: غمزدہ، دکھ بھرا۔ مہر: محبت۔ پائے بند: گرفتار۔ آشوب: بلا، پریشانی۔ مطلب: مت چاہ۔ قناعت: جو مل جائے اس پر راضی رہنا۔

مثنوی

اگر دنیا نباشد دردمندیم | وگر باشد بمہرش پائے بندیم
بلائے زیں جہاں آشوب تر نیست | کہ رنج خاطرست ار ہست ور نیست

قطعہ

مطلب گر توانگری خواہی | جز قناعت کہ دولتیست ہنی
